(For Private Circulation Only)

# FEATURE

## Praagaash October 2020 Supplement

میرے قتل سے پہلے، یہ فیصلہ تو دو
منسوب کس کے نام ہو، اس ذات کا لہو
(غیوؔر)



# GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

**Homage**

**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION

## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



### Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor'

**Gayoor Foundation** has come into existence in the name of Syed Ghulam Rasool Andrabi with pen name 'Gayoor'. Gayoor Sahib was a renowned educationist, scholar, Phillanthropist, writer, poet, journalist and a social reformer. He was assassinated by militants on 22nd of October 2005 at his native village at Ratnipora Pulwama. The foundation is working for the Kashmiri art, culture and literature.

Gayoor Sahab had masters in English literature, Urdu, history and had qualified B Ed as well.

Main Office Bearers of the Foundation are :
**Showkat Gayoor** (President), **Syed Ghulam Mohi-ud-Din Andrabi Kreeri** (Sr. Vice President), **Bashir Ahmad Masoodi** (Vice President), **Kaleem Bashir** (General Secretary), **Ayyash Arif** (Chief Coordinator), **Waheed Jeelani** (Incharge Culture) **Ghulam Hassan Kuchay** (Treasurer)

پراگاش Praagaash

प्रागाश प्रोजेक्ट ज़ान' की नेट-पत्रिका वर्ष ५ : अंक १० । अक्टूबर २०२०

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**



# Homage to Gayoor Sahib

*From M.K.Raina*
*Editor Praagaash*

I was recently introduced to the literary organisation in Kashmir called Gayoor Foundation by my friend Kaleem Bashir Ahmad where I also got introduced to Syed Showkat Gayoor, the illustrious son of Late Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor'.



'Gayoor Foundation' has been established in the name of Late Syed Ghulam Rasool Andrabi whose pen name was 'Gayoor'. He was a qualified teacher, a philanthropist, a scholar and a poet. He was a journalist too. Gayoor Sahib fell to assassin's bullets on 22nd October 2005 at his village Ratnipora in Pulwama, Kashmir. Perhaps, the killers did not like the way Gayoor Sahib was functioning as a social reformer and as a nice human being.

Gayoor Sahib's creation in Urdu, published in the book form by his son Syed Showkat Gayoor and titled 'Fiqri Zawiye, Nasri Khakey' is a piece of art, one of its kind. Apart from his works in Kashmiri, he has written a lot in Urdu. His departure from the scene is a tragedy and a big loss to the literary world.

Gayoor Sahib is said to have left behind a treasure of his works which his son Showkat Gayoor is set to compile and bring before public.


We at Praagaash pay homage to Gayoor Sahib on the 15th anniversary of his martyrdom. I am sure, Gayoor Foundation will work hard and make a distinct mark in the sea of literary organisations, achieve its objectives and bring forth the values which Late Gayoor Sahib stood for.

**Homage**

**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**



**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor'**
**1942 -2005**

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

# GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



## My Beloved Father

*By Syed Showkat Gayoor*
*President, Gayoor Foundation*



I am proud to be the son of a great father Late Syed Ghulam Rasool Andrabi with pen name 'Gayoor' who had been a guide to me in all fields of life. His multifaceted personality was so impressive that I never dared to speak aloud in front of him. I had always been his obedient son.

Gayoor Sahib had great qualities which we don't find common among the people. He was a down to earth person, very noble and affectionate to everyone without having the consideration of cast, creed, colour or religion. He was pained to see others' miseries and was always on toes to redress their problems to the best of his abilities, round the clock. One could imagine his capability and capacity, having Master's in English, History, Urdu, besides B. Ed. He was an authority on religious laws. Almighty Allah had gifted him an un-parallelled and magical pen. He had a good command on writing and on speech. To us, he was a friend, guide, teacher, father and what not? He would always like to sit among the members of his family and share his thoughts as well as his love. We were fortunate enough to have him around.

Gayoor Sahib was assassinated by militants (a robot) on 22nd of October 2005, during the month of Ramdhan. It was a big tragedy fallen on us. My life was shaken. I decided to quit the government job as an engineer so as to chase the foot-prints of my mentor, who was never scared of anything in his life. He had seen many ups and downs in his life, so would face challenges coming his way with a smile. My younger sister was recently married and two brothers were yet to be married. It was now

# GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

my duty to look after them. Other than this, I had to shoulder many other responsibilities at home. Despite the resistance from my family and friends, I adopted the same path as that of my beloved father which was definitely difficult but a pious one.

I proceeded in order to honour the commitments my father had made for good of the people, the people living below poverty line, not only in my vicinity but in whole of J&K irrespective of cast, colour, creed, sex and religion. Friends and followers of my father guided me in an affectionate way and we were able to found a literary organisation under the name and style of Gayoor Foundation which is duly registered with the government.

The Gayoor Foundation has been working for more than ten years now. Two years back, I was re-elected as its President and accordingly its Executive Body was constituted on democratic lines. With the guidance and help from the members of the Executive Body, I tried to deliver things in a proper manner. Gayoor Sahib had authored more than fifty books which he could not publish during his lifetime for one or the other reason. I am thankful to Almighty Allah for being able to compile and publish some of those books so far.

Gayoor Foundation has taken in hand several developmental projects in association with the administration. Establishment of the Urdu Academy under the banner of Gayoor Foundation is on its way to logical end. Recently I got associated with a movement headed by a generous personality where 'Service to the Mankind' is motive of the mission. Allah may bless my Mentor with all his blessings because his teachings enlightened Gayoor Foundation during these hard and critical times. I sincerely vow to work for the mission which my beloved father had laid blood and sweat for.

It may not be out of place to mention that Gayoor Sahib, my father and my mentor was tall and a handsome person. My friends would call him Dilip Kumar. He really had a beaming personality. Nobody, especially women and young boys would loiter on roads or river Ghat (Yarbal) or in the market when Gayoor Sahib was around. Such was the respect people

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

# GAYOOR FOUNDATION


## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

had for him. He was a good orator and could speak for hours together. He could also attract a good public gathering of any religion. He had a melodious voice which made him an idol of so many people.

I am short of words to express. I have no doubt, as per holy Quran and Hadeeth, one who is brutally killed that too during fasting, is a great martyr. A martyr does never die. I am here remembered of a couplet of Gayoor Sahib :

***"Mere qatl se pehlay ye faisla toe doe***
***Mansoob kiske naam hoe iss zaat ka lahoo"***







Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

# GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



## On Gayoor Foundation

*By Kaleem Bashir*
*General Secretary, Gayoor Foundation*



## غیور فاونڈیشن ایک نظر میں

ہزاروں سال نرگس اپنی بےنوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

وادیٔ کشمیر جہاں خوبصورت وادیوں، مرغزاروں، گھنے جنگلوں، دریاؤں، ندی نالوں، لہلہاتے ہوئے کھیتوں، زعفران زاروں، پھل دار درختوں، اونچے اونچے پہاڑوں، جھیلوں اور سبزہ زاروں کیلئے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ وہاں اسی سرزمین نے ریشیوں، سنتوں، عالموں، شاعروں، کاریگروں اور مورخوں کو جنم دیا۔ ایسی ہی ایک ہستی سید غلام رسول اندرابی (المتخلص غیور) جنوبی کشمیر کے ایک گاؤں رتنی پورہ پلوامہ میں مورخہ ۲۲ اگست ۱۹۴۲ء کو پیدا ہوئے۔ تعلیم حاصل کرنے کے بعد محکمہ تعلیم میں بحیثیت استاد تعینات ہوئے اور اپنی محنت اور کاوشوں سے بہترین معلم ثابت ہوئے اور ساتھ ہی انگریزی، اردو اور ہسٹری میں ایم اے اور بے ایڈ کی ڈگری حاصل کی۔ مگر لوگوں کے دکھ درد کو محسوس کرکے اس کے ذہن میں ایک انقلاب برپا ہوا اور سرکاری نوکری کو خیر باد کہہ کر سماجی بہبود کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi ‘Gayoor’ 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

حصہ لینے لگا۔اس مشن کوتحریک بنانے کیلئے ایک ہفتہ روزہ اخبار عوامی رابطہ نکالا۔اسطور لوگوں کے مصائب،مشکلات کوزبان دیکرصاحب اقتدار کے بہرے کانوں تک مظلوم آواز کو پہچانے کیلئے صحافت کا پیشہ اختیار کیا اور کسی حدتک اطمینان کا سانس لیا۔

شعروشاعری اورنثر نگاری سے عشق کی حدتک لگاؤ تھا۔غیور صاحب ایک معلم،شاعر،فلسفی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہترین مقرر بھی تھے۔اسطور سیاسی سٹیج سے لوگوں کے احساسات اور جذبات کی ترجمانی کرنے لگا۔اوراپنے گردپرخلوں لوگوں کا اژدہام دیکرنہایت بیبا کی اور مضبوطی کے ساتھ میدان عمل میں آگے بڑھتے ہوئے راستے میں ہی وقت کے سفاک اور بےرحم ہاتھوں نے مورخہ ۲۲ اکتوبر ۲۰۰۵ء کوغلام رسول غیور صاحب کے گرم گرم لہو سے اس سرزمین کولالہ زار بنادیا۔

خنجر کو جدا میان سے جس نے کیا اک دن
غیور ہے وہ حرف ابھی میری زبان پر

مرحوم غلام رسول غیور صاحب کے ادھورے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے اس کے دوستوں،ہمدردوں نے ملکرایک ادبی تنظیم غیور فاونڈیشن کی بنیاد آج سے تقریباً ایک ڈھائی سال قبل ڈالی۔جس کے منشور نے تمام مکتبہ فکر کے لوگوں بلالحاظ و مذہب وملت،رنگ،نسل اور سیاسی وابستگی کے دست تعاون طلب کیا۔حوصلہ افزائی کی بات یہ ہے کہ غیور فاونڈیشن بہت جلد عصر حاضر میں ان ادبی تنظیموں کی صف میں شامل ہوگئی جو عرصہ دراز سے اس خطہ ارض پر نہایت دیانت داری اور تندہی سے

## GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

کام کررہی ہے۔

غیور فاونڈیشن ادبی تنظیم سے ایک محریک کی شکل حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی اورترتیخ کے اس نازک دور میں غیور صاحب کے مشن کو آگے لیجانے کیلئے اس کے معزز ممبران جو کہ ہزاروں میں ہیں، دن رات لوگوں کی بھلائی کیلئے مشن کے طور کام میں مشغول ہے۔حسن اتفاق سے غیور فاونڈیشن کی قیادت مرحوم غیور صاحب کے بڑے فرزندار جمند جناب انجینئر شوکت غیور کے ہاتھ میں ہے۔اس کے ساتھ تجربہ کار لوگوں، شاعروں، ادیبوں، گلوکاروں، اورادب نواز دوستوں کا ایک کلارون شعر وادب کے شفق پرروشن ہے۔حق تو یہ ہے غیور ساحب نے اپنی زندگی میں کوئی شعری مجموعہ شائع نہیں کیا کیونکہ وہ دن رات لوگوں کی فلاح و بہبود کے کام میں مشغول رہا۔مگر غیور فاونڈیشن کے معزز ممبروں کی محنت اورصدر محترم کی عرق ریزی نے رنگ لایا۔ باوجود مالی تنگی کے تقریباً ایک درجن کتابوں کو منظر عام پر لاکرادبی حلقوں کی طرف سے پزیرائی حاصل ہوئی۔گو کہ ابھی بھی غیور صاحب کے قلم سے فن لطیفہ جو کہ مختلف زبانوں یعنی کشمیری، اردو، فارسی اورانگریزی زبان میں شائع کرنے کیلئے فاونڈیشن کام پر لگی ہوئی ہے۔غیور صاحب کے ادھورے سپنے کو پورا کرنے کیلئے مستقبل قریب میں ان کا شائع کردہ اخبار عوامی رابطہ کو ایک بار پھر عوامی رائے کا احترام کرتے ہوئے شائع کرنے کیلئے ایک بار پھر عوامی رائے کا احترام کرتے ہوئے شائع کرنے کیلئے ایک ادارتی بورڈ کا تشکیل عمل میں لایا جائیگا اور تمام قلمکاروں سے گزارش کی کہ ازراہ شفقت اپنی ذریں رائے سے فاونڈیشن کو نوازیں۔تا کہ اس راہ میں حائل رکاوٹوں

## GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

کو دور کیا جائے۔

آخر پر میں بحیثیت جنرل سیکٹری غیور فاونڈیشن شری مہارج کرشن رینہ جی مدیر ماہنامہ پرکاش کا دل کی عمیق گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس نے مرحوم غیور صاحب کی یاد میں پرکاش کا ایک خصوصی شمارہ مورخہ ۲۲ اکتوبر ۲۰۲۰ء بروز بدھوار کو تقریب میں ممبئی سے آن لائن اجرا کرنیکا انتظام کیا ہے تا کہ غیور ساحب کو ان کے ادارے کی طرف سے شاندار خراج عقیدت پیش کیا جائے۔ ساتھ ہی میں جناب شکیل آزاد صاحب مدیر ہفتہ روزہ شہرین کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ اس نے غیور صاحب کے شاگرد ہونے کا حق ادا کرتے ہوئے اپنے اخبار کا ایک خصوصی شمارہ یوم وصال کے روز اجرا کرنے کا اعلان کیا ہے علاوہ اذیں تقریب میں شامل سرکردہ ادیبوں، شاعروں، قلم کاروں اور معزز مہمانوں کا خلوص دل سے خوش آمدید کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی غیور فاونڈیشن کو اپنا دست تعاون وقف رکھیں گے۔

ازقلم (کلیم بشیر جنرل سیکریٹری غیور فاونڈیشن)

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi ‘Gayoor’ 1942 - 2005**


# GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**



## Tribute

*By Rehman Rahi*




## हुबाब

स्वखनवर, क़लमकार, ग़यूर ज़ाव
कोरुस रॉहियन ‘सौते कश्मीर’ नाव
सु पॅज़्य पॉठ्य ओस अख ग्वलाम रसूल[स]
बहर रंग इनसान नवाज़ुन क़बूल
सु सईद नस्ब, कारॆ थॊद, ख्वश ज़मीर
ख्वदा दोस्तस रॉज़ी अमीर-ओ-फक़ीर
रॅहीमा! वॅल्युन रहमतुक थॉव्यज़्यस
वॅरीमा! वॅरीमी वुरन्य त्रॉव्यज़्यस
इलॉही तसुंद खानदान ज़िंदबाद!
तसुंद्य हमनवा तस करान शौक़ याद

**रहमान राही**

**२३ सितम्बर २०१९**



**Homage**

**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**



# Gayoor – The Unforgettable

*By Advocate Syed Riyaz Khawar*



I knew Syed Ghulam Rasool Gayoor as an efficient teacher, a good human being, a scholar, poet and as a politician. Whenever Gayoor Sahib is being discussed, I become nostalgic and the time spent with him in discussing literature, politics, poetry and cracking jokes, just appear on the screen of my memory. There are very few lucky people who get name and fame during their life time for their contribution and usually writers and poets prove to be unlucky to get what they deserve during their lifetime. The most of the literary works of Gayoor Sahib were posthumously published by his son Showkat Gayoor (an engineer by profession), which include the book "Dael-Gift" and "Fiqri-Zawiye Nathri Khakey" (reflective prose sketches) and Razim Gahi Hayat (a Collection of Urdu Poetry). All these books were appreciated much and discussed a lot. The "Dael" contains the praises of ALLAH and PROPHET (PBUH) in Kashmiri poetic version while as "Fikri Zawiye Nathree Khakey" is an innovative book written in Urdu. Gayoor Sahib has left behind the treasures of literature and poetry for the present and future generations and he was himself very much impressed by Dr Iqbal RA and Imam-i-Gazali RA.

Gayoor after serving in education department as a teacher gave a goodbye to the service and started publishing Urdu paper (AWAMI-RABITA) from Srinagar which caught the attention of the intelligentsia and became very popular, but, due to cruel hands of the time the paper could not continue its publication. Gayoor never believed in Mumbo-Jumbo type

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

of writing and would always write and communicate in a very simple and meaningful language.

As per Professor Mohammed Aslam, who has written the book review of Gayoor's "Fiqri-Zaviye Nathri Khakey", "The themes of the book are varied and cover religious, social, political and other aspects of mankind in general and Kashmir in particular. The epigraph to this write-up is an instance of Gayoor's canvas which he has painted with different hues taken from real life experiences, first as Kashmiri and then as a teacher, an activist and a scholar. Gayoor has deviated from all established norms of prose writing - even the Ghalib style and created excellent novel pieces which have been written with 'Beconian brevity and Emli Dickinson style'.

Gayoor was an efficient, hardworking and affectionate teacher who was a philanthropist and believed in dignity of labour. God had given him a melodious voice and he could catch the attention of the public for hours together in seminars and poetic assemblies. The only bad decision he made was to join the politics where he was caught in quagmire of political maize and spiral web of controversies as he was a plain and truth speaking person and rebellion and usually challenged the dogmas. He would have definitely touched the sky in the field of literature, would have he not joined the politics, as suffered at the hand of bath tub conspiracies.

On the fateful day of 22nd Oct 2005, in the afternoon, I heard in the court that Gayoor Sahib had fallen to the bullets; I was reminded of the Shakespeare "But never till tonight, never till now and I go through a tempest dropping fire, either there is a civil strife in heaven, or else the world, too saucy with the Gods, incenses them to send destruction".

*[Author is Senior Advocate, High Court of Jammu & Kashmir]*

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

## GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



## Book Review

## 'Reflective Prose Sketches'

*Prof. Mohammad Aslam*

### *Gayoor's Prose Pieces Manifest a Unique and Matchless Hand with Baconian Brevity and Dickinson Style.*

*"Urdu is language of Kashmiris, Official language of the State, but, Kashmiri - his speech-pronunciation-order [of words] - structure - is ignorant of style."* - Accusation of those, who [want to] banish this language.




The form of the above piece - prose or poetry notwithstanding, when a writer wails for a language which Kashmiris have nurtured in spite of being alien to them, he can said to be expressing his genuine feelings so that this language does not become homeless. This is the language which after 1947 was labelled as the language of the Muslims and all efforts went into depriving it of its due place. But, Kashmir embraced it into its fold as it had many other languages earlier, especially of her oppressors, the Mughals', for instance. We made it the official language of the State and a medium of instruction at the school level. With the passage of time, it became a lingua franca at pan-J&K level, keeping the State out of many linguistic controversies that beset India immediately after her Independence. However, as in Sanskrit and Persian, Kashmiris did not restrict the use of Urdu to academia or officialdom alone. They tried their hands at imaginative and creative writings in the language and won acclaim in the

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

**GAYOOR FOUNDATION**
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

subcontinent. Along with some known literary figures - Hamidi Kashmiri, Shurish Kashmiri and Hakim Manzoor, for instance-there were many lesser known writers who tried their hands in various genres in the language and created a niche for themselves in the literary circles.

One such literary figure is the late Syed Ghulam Rasool Gayoor whose book under review - Fikri Zawiye Nathri Khakey (Reflective Prose Sketches) was posthumously published by his son, Syed Showkat Gayoor. The book contains 93 prose pieces arranged alphabetically from the first letter of the Urdu alphabet to 'h'. Naturally, the themes are varied and cover religious, social, political, psychological and other aspects of mankind, in general, and Kashmir, in particular. The epigraph to this write-up is an instance of Gayoor's




canvas which he has painted with different hues taken from real life experiences, first as a Kashmiri and, then, as a teacher, an activist, and scholar. Perhaps, more significant than his themes is Gayoor's unique and matchless Urdu style which caught my eye immediately when I opened the book for the first time. Gayoor has deviated from all established norms of prose-writing -even the Ghalib style - and created excellent novel pieces which have been written with Baconian brevity and in Emily Dickinson style. They are neither poetry in its true sense nor prose as we commonly understand the term. They are a fine blend of the two genres full of wisdom, knowledge, emotions, sweet words and flow of

expression as revealed in the following:

"Kashmir -
That garden -
Where flowers are-with no fragrance.
That desert -
Where there are only oases.
That heart -
Which has pain in it -
[But] no beating.
That existence -
Which has-no friends.

"Kashmir -
That houses everybody - in her heart.
That provides gratifying moments -to the broken-hearted
Of whose gushing springs -waterfalls
Music is envious.

Gayoor is conscious of our apathy towards our water-bodies and therefore cries:

"Kashmir-
Whose crystalline Dal Lake -
Has shrunk.
The width of her Wular -
Has narrowed."

Gayoor's style of writing is similar to Emily Dickinson's: using compressed and forceful words and placing more meaning into fewer words. Study the following (P- 248):

"Worries-
Life and worries -
Are part and parcel.
Worry for work-
Worry for beloved.
But - S

A more credible worry -
Worry-worry for reflection and understanding -
Worry-worry for understanding the outcome of life -
Runaways from worry-seekers of joy -
Are enamoured with vain hopes!"

Gayoor's unique style has enabled him to deal with issues of great significance. He has written on Nature, Morning, Evening, River etc; Society-Women, Poverty etc; Life-patience, Shrewdness etc, and Religion.

Like Allama Iqbal, Gayoor regards women in high esteem. He writes (P-234):

"Woman - Nature's beautiful-and matchless gift.
An interesting riddle -
Solving of it is life's occupation -
Woman -
When she comes to revenge-is heedless.
When she comes to loving - is a pleasant friend.
Woman is entirely a Ghazal,
Who deserves-respect and attention."

Modern feminists would feel happy that a man who spent his life serving people, mostly at the political level, was aware of the problems that women faced, especially in Kashmir.

Gayoor talks about the value of friendship in "Friend and Friendship' (P-170) and says, among other things, that friendship is not (rather, should not be) subservient to fame or wealth and is not dependent on religion and geographical boundaries. He says:

"Friendship -
Is above -
Caste-creed and colour - selfishness - greed - avarice - linguistic and -
Geographical boundaries.
Friendship has no religion and-no restrictions.

Its only condition is loyalty."

His concept of 'friendship' is not restricted to humans alone. One can be a friend to the worldly aspects like wealth, greed, lust etc. He says:

"Friendship of wealth -
Makes one avaricious and proud.
Today's king-tomorrow's beggar.
Friendship of greed-gives birth to malice.
Friendship with a narrow-minded person - is synonymous with suicide."

Lust and greed create animosity between brothers. Gayoor says (P- 101):

"What separates brother from brother?
Riches - Wealth - Children - Wife - Animosity!"

Gayoor therefore loves virtuosity. He defines a virtuous person in these words (P- 103):

"Virtuous -
A noble soul-full of humaneness-
Custodian - devotee - ascetic - pious - obedient -
Taciturn - humane - nation's servant -
Friend in grief-gentle-fearless-truthful!"

Gayoor is not unaware of the ease that modern technology has brought to man, but he is also conscious of the loss of values because of this so-called advancement. In "Rest and Luxury" (P- 78) he writes that although modern man has found all kinds of amenities to make his living easy, he has not been able to save himself from "Corruption", "Deceit", "Lies", "Unfriendliness", "Opium", "Cocaine", "Wine" and other bad things.

He loves freedom but it should include all aspects of life-freedom from oppression, castism, etc. He says that when this natural right is deprived,

"Man becomes a slave -
Woman gets buried alive -
Or burns on husband's funeral pyre"

# GAYOOR FOUNDATION
## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

Gayoor has written on "Body and Soul" (P-134), "Hope" (p- 126), "Emotions"(P-130), "Piety" (P- 102), "Sycophant" (P 153), "Hippism" (P-323) and many numerous issues but no where does he take a narrow view of these issues. He talks of everything in relation to human beings in general giving his themes a universal appeal and eternal value.

Kashmir seems to have been in his mid all the time-her waters, gardens, hill stations, meadows. He has mentioned Gulmarg, Pahalgam, Daksum etc in his writings. He is also conscious of the political situation not only in Kashmir but also the world over. In particular, he has not lost sight of the role of the UNO vis-à-vis Kashmir and its inability to solve this problem, or any problem for that matter. He laments over the role of the UNO in these words:

"The United Nation -
Listens to inflicting of cruelty on unarmed Kashmiris -
From their own and others -
And then -
Meets, discusses and disperses.
Monopolizing shop of G-5 countries.
The United Nations -
Who'd tell it?
Satan is its leader
Every sensible person hates it
Every issue gets entangled in it."

Where do we place Gayoor as a prose writer? As stated above, Gayoor has deviated from all established norms of prose writing. Those who are familiar with the prose writing of Ghalib, Hali, Azad, or modern writers like Gopi Chand Narang will find Gayoor's style unorthodox. And, that is its strength and forces one to read and appreciate this great writer of this land. Since people have been writing prose pieces following a set-pattern of paragraph after paragraph till the end, any deviation from the norm often raises eye-brows about the authenticity of such writings. But, if we look at poetry, it does not follow the normal grammatical structure-in

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

fact, poetry is called a deviant structure-but nobody objects to it. Gayoor's prose also deviates from the beaten track and gives birth to a new form of poetic-prose which makes one wonder at his command of the language and his knowledge of Urdu vocabulary. As a student of literature and language, I have come across several writers and texts which do not follow the usual norms-for instance, Japanese Haikus. Gayoor has tried to give a new pattern to prose and in turn has succeeded in giving the reader thoughtful views evoking interest and awe. Hamidi Kashmiri in his remarks on the book (P- 17) points to this fact about the writer and certifies the uniqueness of the prose pieces.

Besides 93 prose pieces, the book contains commentaries by Professor Hamidi Kashmiri (P-17), Mohammd Yousuf Teng (P-19), Muzafar Iraj Kashmiri (P-23), Abdul Ahad Farhad (P-38) and Syed Mohammad Sahfi Simnani (P- 45). The writer's son, Syed Showkat Gayoor has also written an introduction to the book (P- 55).

*[Author is HOD, Department of English, University of Kashmir.]*

میرے قتل سے پہلے ، یہ فیصلہ تو دو
منسوب کس کے نام ہو ، اس ذات کا لہو
(غیورؔ)


**GAYOOR FOUNDATION**
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005



سیّد غلام رسول غیورؔ
# شعلہ بھی شبنم بھی

غلام نبی آتش



چھپائی دامنِ عُریاں میں ہم نے ساری زرخیزی
اور اپنے رِستے زخموں سے معطّر گل اُگائے ہیں
(غیورؔ)

خاندانِ ساداتِ اندرابیہ کے چشم و چراغ سیّد غلام رسول اندرابی قادری و نقشبندی ۲۲ راگست ۱۹۴۲ءکو رتی پورہ پلوامہ کی مردم خیز، علم نواز، ادب دوست اور دین پرور بستی میں تولد ہوئے۔ آپ والدِ گرامی حضرت مولانا میر سیّد میرک اندرابی قادری و نقشبندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور چچا حضرت مولانا میر سیّد غلام محی الدین اندرابی قادری و نقشبندی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ناداران زمانہ کی اُمیدوں کے مرکز تھے۔ سیّد سلام الدین اندرابی عاجزؔ نے لکھا ہے کہ سیّد غلام رسول اندرابی کو اُن کے لا ولد چچا مولانا میر سیّد غلام محی الدین اندرابی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے بچپن میں......"ہر دُو چمن گلے"

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

یعنی ''دونوں باغوں میں کھلا ہوا واحد پھول'' کہا تھا۔ ظاہر ہے کہ سیّد غلام رسول اندرابی کی تعلیم وتربیت اسی ہمہ آفتاب وہمہ ماہتاب خاندان میں ہوئی، جس کے اسلاف توحیدِ ربانی اور حضرت خاتم الانبیا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلّم کے عشق بے پایاں سے معمور ومسرور رہے ہیں۔ سیّد غلام رسول اندرابی چھوٹی عمر میں شعر موزون کرنے لگے اور غیور تخلّص رکھا۔ مروّجہ تعلیم بھی حاصل کی اور سترہ ۱۷ سال کی عمر میں ریاستی محکمۂ تعلیم میں بحیثیتِ مُدرّس تعینات ہوگئے۔

جانفشانی، ہمدردی، دیانتداری اور ایمانداری کے ساتھ نہ صرف یہ کہ فرضِ منصبی پورا کرتے رہے، بلکہ متعلّمین کی اندرونی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کی سودمند کوششیں جاری رکھنے کے علاوہ انھیں دینی اور اخلاقی تربیّت بھی دیتے رہے۔ دورانِ ملازمت مطالعہ اور مزید تعلیم حاصل کرنے کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے، آپ نے اُردو، انگریزی اور تواریخ میں پوسٹ گریجویشن ڈگریاں حاصل کیں۔ محکمانہ ڈگری بی، ایڈ بھی حاصل کی اور کشمیر ایڈمنسٹریٹیو سروس کا امتحان بھی پاس کیا۔ دینیات اور ادبیات کا مطالعہ

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

## GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

جاری رکھا۔ غرض علم کے ہر دستیاب سرچشمے سے اپنی پیاس بجھاتے رہے۔

سیّد غلام رسول غیور سیمابی طبیعت، دردمند دل، تیز دماغ، انقلابی ذہن اور غیرت و حمیّت والی عبقری شخصیت کا نام ہے۔ آپ متانت، وجاہت، سروقد، متوازن اور دِلکش سراپا کے مالک، شعلہ بیان مُقرّر اور نکتہ سنج تحقیص کار تھے، شعلہ بھی اور شبنم بھی۔ سیاسی اور سماجی استحصال کے خلاف ہمیشہ نبرد آزما رہے۔ عوام کے دُکھ درد میں شریک ہو کر دینی، اخلاقی اور سماجی اصلاح کے لیے ہمیشہ کوشاں رہنا اُن کا معمول تھا۔ ۱۹۷۱ء میں اس خیال سے کہ سیاست میں رہ کر زیادہ بہتر فلاحی و اصلاحی کام کرنے کے مواقع دستیاب ہوں گے، آپ نیشنل کانفرنس میں شامل ہو کر سرکاری ملازمت کو وقت سے پہلے خیرباد کر گئے۔ سیاست کے درونِ خانہ ہنگاموں، لیلیٰ سیاست کی نقلی اٹھکیلیوں اور عشوہ طرازیوں، سیاست دانوں کے وارے نیارے معاملوں کی حقیقت کا کئی سالوں تک گہرا مشاہدہ کر کے اور تلخ تجربات کے بعد سیاست کا طوق گردن سے باہر نکال دیا۔ ۱۹۷۹ء میں "عوامی رابطہ" کے نام سے ایک ہفتہ وار جریدہ اجراء کیا، جس نے اشاعت

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

کے سات سال پورے کیے اور بند ہوگیا۔ اس جریدے کے پُر مغز اور پُر اثر اداریے غیورؔ مرحوم و مغفور کے اندازِ تحریر، صحافتی تجربے اور علمی لیاقت کا پتہ دیتے ہیں۔ کچھ خصوصی شمارے دستاویزی حیثیت رکھتے ہیں۔

رہینِ ستم ہائے روزگار رہنے کے باوجود سیّد غلام رسول غیورؔ شعر و ادب کی تخلیق کاری سے کبھی غافل نہیں رہے۔ گو کہ اس کے لیے سازگار ماحول وراثت میں ملا تھا مگر گہرا ذوق و شوق، جوش و جنون اور دردِ دل حضرتِ ربِّ کریم نے ودیعت فرمایا تھا۔ اُردو اور کشمیری دونوں زبانوں میں طبع آزمائی بھی کرتے رہے اور نثر نویسی بھی جاری رکھی۔ ایک وقت ایسا آیا جب سیّد غلام رسول غیورؔ قابلِ توجہ شاعر، صحافی، مُصلح اور نثر نگار کی حیثیت پاگئے۔ آپ کسی بھی علمی، مذہبی اور سیاسی موضوع پر اعتماد کے ساتھ اظہارِ خیال کرتے تھے۔ لیکن ادبی محفلوں میں کم ہی شمولیت فرماتے اور رسایل میں بھی شاذ و نادر اپنا کلام شائع کرواتے تھے۔ جیتے جی ۱۹۶۶ء میں اپنی کشمیری رباعیات کا ایک چھوٹا مجموعہ ''نشتر'' شائع کیا۔ شومیٔ طالع کہ جہانِ آب و گل سے رخصت ہونے تک اپنی تخلیقات کا ایک بھی مجموعہ شائع

نہ کر سکے۔ حالانکہ آج بھی اُن کی غیر مطبوعہ ادبی تخلیقات کا انبار اُن کے وارثوں کے پاس موجود ہے، جن کی اشاعت کے لیے دسیوں ضخیم مجموعوں کی ضرورت ہوگی۔

لایق صد ستایش ہیں غیورؔ مرحوم و مغفور کے لایق و فایق فرزند سیّد شوکت غیور، جنھوں نے اپنے والدِ گرامی کے گنج تخلیقات کو شایع کروانے کا سلسلہ شروع کیا اور بڑی لگن، محنت اور تلاش کے بعد زرِ کثیر خرچ کر کے نثری خاکوں کے ایک شاندار مجموعہ کے علاوہ تین دیدہ زیب شعری مجموعے منظرِ عام پر لائے ہیں۔ جن میں کشمیری نعوت کا خوبصورت مجموعہ "ڈاڈی" (بہ معنی تحفہ) بھی شامل ہے۔ ۲۵۰ صفحات پر پھیلا ہُوا یہ مجموعہ سیّد شوکت غیور نے ترتیب دے کر ۲۰۰۷ء میں شایع کیا۔ اس کے پچاس صفحوں پر پندرہ مقتدر عالموں، ادیبوں اور ناقدوں کے، سیّد غلام رسول غیورؔ کی نعت گوئی کے بارے میں لکھے ہوئے تاثرات، تبصرے اور تجزیے درج ہیں۔ اس مجموعہ میں سلام و درود، نعوت و مناقب کے علاوہ ایک طویل مکالمہ وغیرہ مشمولات کی تعداد ۸۰ سے بھی زیادہ ہے، یہ عاشقانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم

کے لیے واقعی نادر تحفہ ہے۔ اور کشمیری زبان کے نعتیہ ادب میں معیار و مقدار کے اعتبار سے ایک گرانقدر اضافہ۔

غیورؔ مرحوم و مغفور بچپن سے نعت لکھتے رہے ہیں لیکن بعد میں دن رات نعت گوئی اور نعت خوانی میں مشغول رہنے لگے۔ اُن کے فرزندِ ارجمند سیّد شوکت غیور نے لکھا ہے کہ:

"(۱۹۸۹ء کے بعد) یہاں کی روایتی سیاست نے پر سمیٹ لیے۔ مولوی گھرانے کے چشم و چراغ سیّد غلام رسول غیورؔ نے گوشہ نشینی اختیار کی، اور عشق نبی صلی اللہ علیہ وسلّم میں ٹپ ٹپ آنسو بہانے میں سکون حاصل کرتے رہے۔ تقریروں کی زبان گنگ ہوچکی تھی اور صحافت دفن۔ سیاست کی لاش بے گور و کفن غائب ہوچکی تھی۔ اب صرف غیورؔ تھا، نعت گوئی تھی اور نعت خوانی تھی۔ صرف ایک شمع تھی جو بجھ رہی تھی"

(رزم گاہِ حیات: صفحہ ۳۶)

بے کسی ہنْد عالمکو نوم نالہٕ بُوزِو یا رسول ﷺ
سون بُتھ محشر وُچھو از سانہٕ رُوزِو یا رسول ﷺ

○

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

مدینک صُبح، صُبح والضحیٰ ہیو
مدینک شام واللیلک فضاء ہیو
مدینچ کس شفقس، طالیف چھ شاہد
مُزمل، حُسن ازلس چھے قبا ہیو

○

تنہا بیٹھ در کُنجِ غم، غیورؔ بے کس بے نوا
خاموش محوِ التجا، صلوا علیہ وآلہٖ
گلِہ نوری، شبنم، بوئے گل، بادِ صبا، برگ و شجر
بوزان تہٖ سوزان چھی سدا، صلوا علیہ وآلہٖ

سیّد غلام رسول غیورؔ بسیار نویس بھی تھے اور زود نویس بھی۔ اُن کے فرزندِ ارجمند سیّد شوکت غیور نے اُن کے گنج تخلیقات میں سے مُشتے نمونہ از خروارے کے مصداق ایک سو چھپن اُردو غزلیں نکال کر دو مجموعوں میں شائع کردی ہیں ۲۰۱۱ء میں ''رزم گاہِ حیات'' نام کے ۲۲۳ صفحات پر پھیلے،

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

شائع شدہ مجموعے میں ایک سو ایک غزلیں درج ہیں۔ دوسرے مجموعہ کا نام ''سنگ ومن'' ہے یہ ۲۰۱۲ء میں شائع ہوا۔ دوسو صفحات پر محیط اس مجموعہ میں ستاون ۵۷ غزلیں ہیں۔

یہ دونوں مجموعے مواد، متن اور طرزِ بیان کے اعتبار سے غیور مرحوم ومغفور کا انفرادی اُسلوب متعین کرتے ہیں۔ گو کہ ان کی غزل گوئی کی عمارت روایت کی بنیاد پر استادہ ہے مگر اس کی وُسعت، تازہ کاری، کشادہ منظری اور دروں خبری اُن کی بالکل اپنی ہے۔ موضوعات اور خیالات میں رنگا رنگی وُسعت اور عُمق بھی ہے۔ صالح اقدار، اسلامی روایات، عصری کرب، وادئ گلپوش کی کروٹیں، سیاسی، سماجی اور مذہبی استحصال، غمِ دوراں اور غمِ جاناں، اپنوں کی دھوکہ دہی اور دل آزاری جیسے موضوعات سے متعلق فکر انگیز اور دِلکش خیالات ونکات کو دلاویز طریقے سے غزلیہ اشعار میں پیش کرنے کا تخلیقی عمل اُن کا خاصہ ہے۔ ان کی غزلوں میں مضمون آفرینی معنوی، پہلوداری، استدلالی لب ولہجہ اور زبان کا جدلیاتی استعمال توجہ طلب ہے۔ ان میں گل وبلبل، زلف وخال، وامق عذرا اور

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

لیلیٰ مجنون کے حوالہ سے زمینی حسن و عشق کی جنسی تُندی، تموزاور تموج کا نام و نشان تک نہیں ملتا۔ انھوں نے اپنی غزل کی شعری جمالیات کو ثقافتی انسلاکات اور زبان کے اجتہادی برتاو سے مالدار بنایا ہے۔ اُن کی غزلیہ شاعری میں گردو پیش کی زندگی اپنے تقاضوں، اُلجھنوں، مجبوریوں، فریب کاریوں اور محرومیوں کے ساتھ نظر آتی ہے:۔

O

ہم رہتے ہیں اک گوشۂ گلزار میں ایسے
دامن میں بہاریں ہیں تو کاندھوں پہ کفن ہیں

O

نوائے بُلبُلِ گلشن، چمن شناس نہیں
صبا کے پاس بھی اب تحفۂ سپاس نہیں

O

نشیمن میری آہوں کے فضاؤں کے جگر میں ہیں
میری برقِ تمنا پہ بھی رقصِ زندگی لکھنا

O

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

خوشبو کے اندھیروں میں گرا حرفِ نوا ہُوں
ایسا ہے میں اِک غنچہ تہِ سنگ کھِلا ہُوں

○

کچھ پاس آؤ ورنہ جھلس جاؤگے غیورؔ
محشر کی تیز دھوپ میں اک سائباں ہوں میں

خاندانی نسبت، علم وفضل، زہد وتقویٰ، فقر وتمکنت کا فطری تقاضہ تو یہی تھا کہ سیّد غلام رسول غیورؔ توحیدِ باری تعالیٰ اور حُبِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کے سرمدی نغموں سے سرشار ہو جاتے، نعت تو نعت، اُن کی غزلوں میں بھی کبھی کبھی اس کی جلوہ طرازیاں ملتی ہیں:ـ

میں شعر کہوں احمدِؐ مُرسل کی ثنا میں
مل جائے اثر بہرِ خدا طرزِ بیان کو

○

عرفان حقیقت ہے صنم خانوں کا مجھ میں
جس حُسن کا عاشق ہوں وہ ہے میرے خدا میں

یہ بات ضرور ہے کہ سیّد غلام رسول غیورؔ اگر خود اپنا کلام ترتیب دے کر شایع کرواتے ،تو مجموعی طور پر اُس کی فنی خوبیوں اور خامیوں پر توجہ کرتے ، لیکن عمرِ گریزاں اور بے وقت انتقال نے ان کو ایسا کرنے نہیں دیا اس میں اُن کی بہت زیادہ مصروفیات کا بھی دخل ہے۔ وہ بہت زیادہ لکھتے تھے۔ اس لیے بھی ممکن ہے کہ اُن کے بعض اشعار میں کچھ فنی خامیاں رہی ہوں۔ ناقدین نے ان کے کلام میں بعض فنی کوتاہیوں کی طرف کچھ اشارے کیے ہیں، جن میں پروفیسر رحمان راہیؔ ، مرحوم حکیم منظورؔ ، ڈاکٹر نذیر آزاد اور سیّد محمد اشرف اندرابی قادری وغیرہ شامل ہیں مگر اُن کے خیال میں ایسی کوتاہیاں درخورِ اعتنا نہیں ہوں گی۔ برِ صغیر کے نامور نقاد پروفیسر حامدیؔ کاشمیری کی نظر میں:

"غیورؔ مرحوم و مغفور کے متعدد اشعار خود رَو ہیں۔ جن اشعار میں شعری لوازم کی پاسداری ملتی ہے، وہ شعری تجربے کی تہہ داری کا احساس دلاتے ہیں۔ یہ لفظوں کا برتاؤ ہی ہے کہ وہ حقیقت کی سطح پر بھی تخلیقیت سے کنارہ نہیں کرتے۔ اور آزاد تخیّلی فضاء کی تشکیل کرتے ہیں۔ لیکن واقعہ یہ ہے، کہ

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

اُن کے یہاں تخلیقی اشعار کے ساتھ کلامِ منظوم کی کثرت بھی سامنے آتی ہے۔'' (رزم گاہِ حیات: صفحہ ۱۲،۱۱)

سیّد شوکت غیور نے اپنے والدِ گرامی کے نوے نوشتے مرتّب کیے۔ ۲۰۰۹ء میں تین سو چوالیس (۳۴۴) صفحات پر محیط مجموعہ ''فکری زاویے نثری خاکے'' کے عنوان سے شایع کیا۔ مرتّب کے خیال میں یہ نوشتے نثری خاکے ہیں۔ یہ تحریریں فکری گہرائی اور گیرائی کی خاص مثالیں ہیں۔ مگر اس بات کا پتہ دیتی ہے کہ غیور مرحوم و مغفور کا نثری نظم کی اور خاص میلان تھا۔ اور ان تحریروں میں مولانا ابوالکلام آزاد کی طرح گویا نثر میں شعر گوئی کرتے ہیں۔ ان میں استعارے، تشبیہیں، اشارے کنائے اور صنعتِ تضاد کے علاوہ بھی کئی صنایع سے کام لیا گیا ہے۔

معروف محقق اور ناقد محمد یوسف ٹینگ نے لکھا:

''ان تحریروں میں شاعرانہ اصناف کی سَند نہ سہی، مگر شاعری کی خوشبو اور اُس کے ارتعاشات ضرور نظر آتے ہیں۔''

(''فکری زاویے نثری خاکے'' صفحہ: ۲۱)

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

پروفیسر حامدیؔ کاشمیری رقمطراز ہیں کہ:

"یہ نثر پارے بظاہر روایتی اور مُروّجہ نثری یا شعری اُسلوب کو Follow نہیں کرتے۔ یہ Readablity کے جُملہ تقاضوں کی تکمیل کرتے ہیں۔ جہاں تک یہ اہلِ ذوق کے قرأت کے تقاضوں کو پورا کرتے ہیں، اُن کی اہمیت اور انفرادیت قائم رہے گی۔"

(فکری زاویے نثری خاکے: صفحہ:۱۸)

## (۱) اللہ جلّ شانہٗ

اللہ......

خدا نہ کہو، اللہ کہو۔

اللہ......

یہ نام بے نقطہ ہے، اور بے نظیر بھی۔

اللہ......

وہ ذات ہے، جس کو نہ دیکھا جائے۔

اور

प्रागाश प्रोजेक्ट ज़ान' की नेट-पत्रिका वर्ष ५ : अंक १० । अक्टूबर २०२०

## GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

نہ دیکھنے میں وہ اضطراب ہے جس میں اُس کا لطف ہے۔

اللہ......

ایک سہارا......ایک بھروسا......ایک اُمید......ایک یقین ہے۔

اللہ......

تمام رشتوں کے ایک رشتے کا نام ہے۔

رشتہ......جو کبھی نہیں ٹوٹ سکتا ہے۔

اللہ......

میری آہ وفغاں کا نغمہ ہے......اور مسرّت کا ساز۔

اللہ......

ہست و بود اور عدم کا مالک ہے۔

کائنات......اللہ ہی اللہ ہے۔

ڈھونڈو......تو پاؤ گے۔

پکارو گے......تو آئے گا۔

**Homage**
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

تم اکیلے نہیں ہو......
اللہ واحد ہے
اس لیے تمھارے ساتھ ہے۔

# گاؤں (۲)

بھینی بھینی خوشبو......لہلہاتی کھیتیاں......
کھیتوں کی پگڈنڈیوں پر......
چلنے والی عفت خو دوشیزائیں......
جوانی سے سرشار مرد۔
سادہ لوگ......خس پوش مٹی کے گھر......وسیع میدان......
نقرئی ندیاں......شفاف چشمے......دھان کے کھیت......
چنار کے سائے......برف رنگ بزرگ......اوکھلی میں شالی کوٹنے کی
صدا......ندیوں پر کپڑے دھونے کا چھم چھم......خودرو سبزیاں اور
پھول......گرمی میں ندیوں میں نہاتے ہوئے لوگ......

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

**GAYOOR FOUNDATION**
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

رفاقتیں محبتیں......گردونواح سے بےخبر دہقان کی دختر کے گیت
گانا......شب کی تنہائیوں میں داستان گوئی......!
یہ میرے گاؤں کی شناخت تھی۔
میرے گاؤں کا اثاثہ......میری اپنی پہچان۔
میرے والدین کی......میرے بزرگوں کی......
میرے معشوق کی دھرتی......
میرا گاؤں......!

## (فکری زاویے نثری خاکے)

ربِ کریم نے سیّد غلام رسول اندرابی قادری و نقشبندی متخلص بغیورؔ کی قسمت میں شہادت کا انعام لکھا تھا۔ ۲۲ / اکتوبر ۲۰۰۵ء مطابق ۱۷ / ماہ رمضان ۱۴۲۶ھ دن کے گیارہ بجکر پچاس منٹ پر، جبکہ آپ روزہ دار تھے، نامعلوم بندوق برداروں کے ہاتھوں جرم بے گناہی کی پاداش میں بدرجۂ

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

شہادت پہنچا دیے گیے ۔اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلیہِ رَاجِعون ۔اُن کے متعدد اشعار گویا قبل از وقت یہی بشارت لے کر تخلیق ہوئے تھے ۔

تم پہلے میرے قتل سے ، یہ فیصلہ تو دو
منسوب کس کے نام ہو ، اس ذات کا لہو

○

تم ہاتھ میں پتھر لیے پھرتے ہو ابھی تک
تم پہلے میرے سر کوئی الزام بتا دو

○

کہہ دوں گا میں قاتل کے جرائم کی کہانی
جب تُم ہمہ تن گوش ہو، مجھ کو ہی بُلانا

اور یہ شعر آج بھی گویا شہید غیور کے لیے انصاف کا فریادی ہے:

**GAYOOR FOUNDATION**
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

لکھی ہے بابِ شہر پہ فریاد ، خون سے
اب فیصلے تمھاری عدالت کے باقی ہیں


سماجی اصلاح کے کاموں اور تلخ و شیریں یادوں کے علاوہ، غلام رسول غیور کا ادبی تخلیقی سرمایہ زندہ اور پایندہ ہے۔انھوں نے علمدارِ کشمیر حضرت شیخ نورالدین ریشیؒ کا کلام جمع کرکے،اس کا ترجمہ بھی کیا تھا اور اس کی تشریح بھی کی تھی،مگر اُس کا تھوڑا سا حصہ ہی زمانے کی دستبُرد سے بچ سکا ہے۔ضرورت ہے کہ اب اُن کے شایع شدہ کلام کا ہر زاویے سے تجزیاتی مطالعہ کرکے ان کا ادبی مقام متعین کیا جائے اور ادبی تخلیقات کا جو انبار اپنے پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔اس کو شایع کرکے عوام تک پہنچایا جائے،اس بڑے کام کے لیے علمی،ادبی اور ثقافتی اداروں کو آگے آنا ہوگا۔

مجھ کو تو زندہ پاؤگے تم بعدِ مرگ بھی
اس زندگانی کی کوئی تکمیل ہی نہیں

☆☆☆

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

## GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



# دریا

سید غلام رسول غیور

سنگلاخ چٹانوں سے سر پٹکتا ہے۔
پھر کہیں قرار پاتا ہے......
اور آخر......
بڑی عجلت کے ساتھ بحرِ بیکراں میں......فنا ہوتا ہے۔
قطروں سے بنتا ہے......
اور......
بحر سے ہم کنار ہوتا ہے۔
وسعت کا حال......
ہر آب جو......ندی نالے کو......اپنی آغوش میں لیتا ہے۔
صبر کا حال......
ہر پاک و ناپاک کو......اپنے میں سموتا ہے۔
سخاوت کا حال......

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

ہر پیاسے کی تشنگی......دور کرتا ہے۔
جنوں کا حال......
طوفان بن کر بستیوں کو......اُجاڑ دیتا ہے۔
رازداری کا حال......
صدیوں سے اپنے کنارے......گھوڑوں کی ٹاپ......انقلابات
زمانہ......قدموں کی آہٹ......عاشقوں کی سرگوشیاں......
آدم زاد کے کرتوت......حکمرانوں کا طنطنہ......!
کارواں در کارواں......دیکھتے دیکھتے خاموش بہتا رہا۔

دریا نے مجھ سے کہا......
"قتل کسی نے کیا......لاش میرے سُپرد کی......میں بدنام ہوا۔
خون کسی نے بہایا......
قطرے مجھے دیے......اور مجھے رُلایا۔
گندگی آدم کی ہے......
ڈالی میرے جگر میں......
اور......

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

آلودہ بنادیا۔

میری شفاف اور شاداب تن کو......داغدار بنادیا"

دریا نے یہ بھی کہا......

"میرے وجود کے اندر ہزاروں جاندار پناہ لیتے ہیں......

اور......

میں اُن کی بود و باش سے......باخبر ہوں۔

میرے برستے قطروں میں کوئی قطرہ صدف کے اندر جاتا ہے......موتی بنتا ہے۔

جب میں بادل بن کر اُڑتا ہوں......برستا ہوں۔

میری وُسعت کو تنگ نہ کرو......میں مر جاؤں گا۔

میں ہی کھیتوں کو سیراب کر کے......لہلاتا ہوں۔

مجھ پر ہی گنگا بن کر عبادت کے پھول......نچھاور کرتے ہیں۔

میرے پانی ہی سے وضو کر کے......عبادت کی جاتی ہے۔

میں محبوب کے عارض......دھوتا ہوں۔

مجھ میں نہا کر آفتاب کی تمازت سے......جُھلسے بدن ٹھنڈک پاتے ہیں۔

میں ساز ہوں......آواز بھی ہوں......گویا بھی ہوں......خاموش بھی ہوں۔

**GAYOOR FOUNDATION**
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

میں ہی سمندر کا......وجود ہوں"۔

دریا کہتا ہے......

"میں......کہساروں کی بلندیوں سے واقف ہوں۔

وادیوں کی ہموار زمینوں کا......رازداں ہوں۔

رکاوٹ حائل ہونے پر میں......اپنا رُخ بدلتا ہوں۔

پھر بھی......آگے جاتا ہوں۔

رُکنا......میری فطرت نہیں۔

حسینوں کی قربانیاں لینے کی تہمت مجھے دی گئی......

جب کہ میں......


صاحبِ عرفانوں کے خط پڑھکر......اطاعت کرتا ہوں"

دریا......وُسعتوں کا آئینہ دار۔

ooo

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi ‘Gayoor’ 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



# کشمیر

سید غلام رسول غیور

کشمیر

وہ دبستان
جہاں ...... پھول ہیں، خوشبو نہیں
وہ صحرا
جہاں ...... سراب ہی سراب ہیں
وہ دل
جس میں درد ہے ...... دھڑکن نہیں
وہ وجود
جس کا کوئی ...... دوست نہیں
اور تو اور ......
جہاں کی تہذیب ...... لاثانی ہے

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

**GAYOOR FOUNDATION**
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

جہاں کا بھائی چارہ ...... فقیدالمثال ہے

وہ درد

جس کی ...... دوا نہیں

وہ گھر

جس میں ...... روشنی نہیں

وہ خطّہ

جو ...... مجتمع نہیں

وہ مہمان نواز

جس کا کوئی ...... شکرگذار نہیں ............ !

کشمیر

جو ...... اپنے سینے میں،

ہر ایک کو ...... جگہ دیتا ہے

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

## GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

جو ...... دل جلوں کو،
فراحت کے لمحات ...... میسّر کرتا ہے
جہاں کے اُبلتے چشمے ......
اور ...... گرتے آبشار،
رشکِ ...... سازینہ ہیں
جہاں کے سبزہ زار ...... مخملیں ہیں
جہاں کی ...... بل کھائی ہوئی ندیاں،
معشوق کے ...... کمر کی یاد دلاتی ہے
جہاں کی ...... فلک بوس چوٹیاں، بولتی ہیں
جہاں کے دریاؤں میں
غزل کی ...... روانی ہے ............ !

کشمیر
جس نے ......

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

ہرزباں کی قدر کی......

اور ...... ہرزماں کی بھی!

ہر ...... فلسفے کو سمجھا

جس نے ...... وفا کی

اس سے ...... وفا کیا

جس نے ...... محبت دی،

اُس سے ...... محبت کی

اُف کی ...... زبان کاٹی گئی،

خاموش رہا ...... تو،

بزدل کہا گیا ............ !

کشمیر

جس کے اپنے بھی ......

## پرائے ہوئے

جس کے ہاتھ میں ......
شاخِ زیتوں دیا گیا ...... تو، تھام لی
خنجر دیا گیا ...... تو،
خود ہی زخمی ہوا ............ !

## کشمیر

جس کی ...... شفافِ جھیل ڈل
سکھڑی ہے ............ !
جس کے ...... وُلر کی وُسعت
تنگ ہوئی ہے ............ !
جس کے ...... قرارگاہ
ناپید ہوتے جا رہے ہیں ............ !


جو ...... ہر شے کیلئے،
آج ...... دستِ سوال بنا ہوا ہے
جہاں کے کارواں کے سامنے
منزل ہے ...... نہ راہ !
جو ...... بھلے مانسوں کی رسہ کشی کی،
تجربہ گاہ ہے ........... !

مگر کشمیر
بہاروں کے آویزے ......
پہنے ہوئے ...... تو حسین!
برف کی چادر ...... لپیٹے ہوئے،
حسین تر ........... !

ooo

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi ‘Gayoor’ 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION
## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



# غزل
### سید غلام رسول غیور

انجام اناالحق سے رقیبو نہ ڈراؤ
تم اپنی زباں روکو مجھے کچھ نہ سکھاؤ

اِن ہاتھوں میں مہندی کی طرح کس کا لہو ہے
میں وارثِ آدم ہوں یہ مجھ کو نہ دکھاؤ

مکتب میں پڑھا کرتے نہیں طوٗر کے اسباق
آگاہ نہیں راز سے تم بھی، جو بتاؤ

تخچیر سے ناآشنا ہوتے نہیں عشاق
بے سود ہے ہنگامہ، یہ ناوک نہ چلاؤ


تم ساکنِ گلشن تو ہو، لگتے ہو پرائے
دَلدل ہے تمہارے لئے، پاؤں نہ جماؤ

بربادیٔ گلشن کا تمہیں جو نہیں افسوس
تم نوحہ کناں کیوں ہو یہ آنسو نہ بہاؤ

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

**GAYOOR FOUNDATION**
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

# ग़ज़ल



## सईद गुलाम रसूल 'गयूर'

अंजामे अनालहक़ से रक़ीबो न डराओ
तुम अपनी ज़बान रोको मुझे कुछ न सिखाओ

इन हाथों में महंदी की तरह किस का लहू है
मैं वारिसे आदम हूँ यह मुझ को न दिखाओ

मकतब में पढा करते नहीं तूर के असबाक़
आगाह नहीं राज़ से तुम भी, जो बताओ


नख़चीर से ना आशना होते नहीं अशाक़
बेसूद है हंगामा, यह नावक न चलाओ

तुम साकिने गुलशन तो हो, लगते हो पराये
दलदल है तुम्हारे लिये, पाँव न जमाओ

बरबादीये गुलशन का तुम्हें जो नहीं अफसोस
तुम नौहाह कनां क्यों हो यह आंसू न बहाओ

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
### Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



# غزل

سید غلام رسول غیور

میں چشمِ انکشاف میں یوں ڈوب جاؤں گا
سارا زمانہ اپنی نظر میں بہاؤں گا

دہلیزِ کُن پہ رکھوں گا اپنی جبیں کو میں
ارض و سما نئے، میں نظر میں بساؤں گا

پھر گو بجتی ہے ذوقِ سماعت میں اک صدا
کانوں کو اپنے، تُند ہوا میں بچھاؤں گا

جلوہ نمائی طورِ نظر پہ اُتار کر
میں پھر ترانہ اَرنی آج گاؤں گا

کانٹوں کو چوم کر دہنِ دل کے زخم سے
زخمی نظر میں برگِ تپاں کو سُلاؤں گا

جنت نہیں، حیات کے صحرا میں لغزشیں
آدم کی طرح میں نہیں آنسو بہاؤں گا

غیورؔ تیرے نیک ارادے کے ساتھ ساتھ
ہر آرزو کی پالکی میں خود اُٹھاؤں گا

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

**GAYOOR FOUNDATION**
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**



# ग़ज़ल

## सईद गुलाम रसूल ग़यूर

मैं चश्मे इनकशाफ़ में यूँ डूब जाऊंगा
सारा ज़माना अपनी नज़र में बहाऊंगा

दहलीज़ कुन पे रखूँगा अपनी जबीन को मैं
अरज़-ओ-समां नये, मैं नज़र में बसाऊंगा

फिर गो बख्ती है ज़ोके समाअत में इक सदा
कानों को अपने, तुंद हवा में बिछाऊंगा

जलवा नुमाई तूरे नज़र पर उतार कर
मैं फिर तरानाये अरिनी आज गाऊंगा

कांटों को चूम कर दहने दिल के ज़ख्म से
ज़ख्मी नज़र में बर्गे तपां को सुलाऊंगा

जन्नत नहीं, हयात के सहरा में लग़ज़िशें
आदम की तरह मैं नहीं आंसू बहाऊंगा


**ग़यूर** तेरे नेक इरादे के साथ साथ
हर आरज़ू की पालकी में खुद उठाऊंगा

**Homage**

**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION

## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



## میں وہ قطرہ ہوں

میں وہ قطرہ ہوں کہ قلزم کا اثر ہے مجھ میں
ذرۂ خاک ہوں صحرا کی نظر ہے مجھ میں

میں نے کثرت میں بھی خلوت کا بھرم رکھا ہے
رات میں گم ہوں مگر نورِ سحر ہے مجھ میں

میری بے تاب نگاہوں میں جہاں بستے ہیں
میں تو ساکن ہوں مگر شوقِ سفر ہے مجھ میں

میں شبستان میں بپا ایک سماں کرتا ہوں
تارے تکتے ہیں کہ تحریکِ شرر ہے مجھ میں

میرے کاندھے پہ ہیں کچھ کوہ نما سہو و خطا
میں فرشتہ نہیں پوشیدہ بشر ہے مجھ میں

میں نے ظلمات میں اُگلے ہیں ہزاروں سورج
وقت کہتا ہے کہ صبحوں کی خبر ہے مجھ میں

خوں سے سیراب ہے یہ پیاسی زمین جانتے ہو
آسمان کانپتا ہے اس کی خبر ہے مجھ میں

سید غلام رسول غیور

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

**GAYOOR FOUNDATION**
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

## मैं वह क़तरा हूँ

सैयद ग़ुलाम रसूल 'ग़यूर'




मैं वह क़तरा हूँ कि कुलज़ुम का असर है मुझ में
ज़र्राये ख़ाक हूँ सहरा की नज़र है मुझ में
मैं ने कसरत में भी खलवत का भरम रखा है
रात में गुम हूँ मगर नूरे सहर है मुझ में
मेरी बेताब निगाहों में जहाँ बसते हैं
मैं तो साकिन हूँ मगर शौके सफर है मुझ में
मैं शबिस्तान में बपा एक समाँ करता हूँ
तारे तकते हैं कि तहरीके शरर है मुझ में
मेरे कांधे पे हैं कुछ कोह नुमा सहू व ख़ता
मैं फिरिश्ता नहीं पोशीदा बशर है मुझ में
मैं ने ज़ुलमात में उगले हैं हज़ारों सूरज
वक्त कहता है कि सुबहों की खबर है मुझ में
खून से सैराब है यह प्यासी ज़मीन जानते हो
आसमान काँपता है इस की खबर है मुझ में

Homage

Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

**GAYOOR FOUNDATION**

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



# وقت

سید غلام رسول غیور

وقت — سیماب کی طرح اڑ جاتا ہے۔
جاتا ہے، تو آتا نہیں —
کائنات کی سب سے بڑی بیقرار شئی — وقت،
نہ طوفان اس کو روک سکتے ہیں، فریب اور نہ طاقت۔
نہ حسن کی رعنائیاں نہ ظلم کی پرچھائیاں،
نہ کسی کا طنطنہ نہ کسی کی رعونت،

وقت — کوئی نہ کوئی نقش چھوڑ کے چلا جاتا ہے۔
وصل، جدائی، زخم، ناکامی، کامرانی،
ظالم کا خنجر، تاروں کی دولت، زلف کی ادائیں،
زندگی کی کشمکش، — مزدور کا پسینہ، بیکسوں کی آہیں
— کوئی بھی شئی وقت کو مالوس نہیں رکھ سکتی۔

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION

## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

وقت سے شناسائی - بہاروں کی پذیرائی — ورنہ خزاں ہی خزاں

وقت - بہرہ اتنا کہ آواز نہیں سنتا، مگر چونٹی کے چلنے کی صدا سنتا ہے۔
تیز اتنا کہ چاہے بھی تو رک نہیں سکتا۔


محبوب سے جدائی، وصل کی رات، موت کا لمحہ، کامیابی کی ساعت،
اجنبی سے شناسائی، دیدار یار کی گھڑی — وقت کے عجیب اور حسین تحفے ہیں۔

وقت سے ناشناسائی — ہزاروں افسانوں کا عنوان ہے۔

زمانہ سے برا نہ کہو — زمانہ حقیقت ہے — ارشاد نبوی ؐ

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION
## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



# بچّہ

سیّد غلام رسول غیور

بچّہ — کتنا جاذبِ نظر اور معصوم ہوتا ہے۔
اس کی توتلی زبان دل لبھا لیتی ہے۔
اور
اس کی بے نیاز ادائیں غمگین دلوں کی راحت کا سامان ہیں۔
بچّہ — زبان، رنگ و نسل، ذات پات اور عناد سے پاک ہوتا ہے۔
آپ اُس کی معصوم جبین یا گُلابی عارض کو بوسہ دیتے ہیں۔
اور کبھی
مٹھائی کی ٹکیہ، کاغذ کی چرخی یا کشتی اور کبھی کھلونا۔
اور کبھی
آپ کی لوریاں ماورائی فضا بکھیرتی ہیں۔
یہ گھر بناتا ہے۔ پتنگ اُڑاتا ہے۔

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

آنکھ مچولی کھیلتا ہے۔ دولہا دلہن کا کھیل رچاتا ہے۔
اس کے آنسو میں مسکراہٹ اور مسکراہٹ میں آنسو پنہاں ہوتے ہیں۔
کون جانے، کیسے اور کس طرح
یہ بچہ پروان چڑھے۔
گرد و غبار میں یا محلوں کی آغوش میں،
مکتب میں یا کسی زردار کے پاؤں دابتے ہوئے۔
کس کو معلوم؟
سماج کیسے اس کو ابھرنے دے گا۔ کیسا ماحول میسر ہوگا،
اور
کون جانے بعد میں
چنگیز بنے گا یا سکندر۔
ظالم بنے گا، یا عادل۔
شاعر بنے گا، یا صحافی۔

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

بھکاری بنے گا، یا تاجر۔

تاریخ ساز بنے گا، یا تاریخ بنے گا۔

راشی بنے گا، یا امانت داری کا امین بنے گا۔

اور — اس کے ہاتھ میں آپ کے دیئے —

پھولوں کے ہار ہوں گے، یا

برہنہ تلوار!

بات یہ ہے کہ پیار دینا نہ بھولئے،

بہر حال

نفی کرتے ہیں مری، مسکراتے، کھیلتے بچے

زمیں کو ورنہ پھولوں سے مجھے مایوس لگتا تھا،

(حکیم منظور)

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION
## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



سید غلام رسول غیور

# دعا

دعا :۔ تشکر، تحمل، تصور، تقبل، امید، نزاکت، توبہ، عبادت، یقین، توقع کی صوتی تصویر ہے۔

دعا :۔ کبھی رائیگاں نہیں ہوتی۔ بعد حیات بھی اس کا پھل ملتا ہے۔ ارشادِ نبویؐ

کسی شئی کی تلاش ہو ۔ دعا کرتے ہیں ۔ توقع
کوئی مشکل درپیش ہو ۔ دعا کرتے ہیں ــــــ سہارا
بے دلی کا عالم ہو ۔ دعا کرتے ہیں ــــــ بھروسہ
کوئی نعمت عطا ہو ۔ دعا کرتے ہیں ــــــ تشکر
کسی چیز کا انتظار ہو ۔ دعا کرتے ہیں ــــــ تحمل
سہارے کی ضرورت ہو ۔ دعا کرتے ہیں ــــــ امید
محنت کا پھل چاہئے ۔ دعا کرتے ہیں ــــــ یقین
دعا کے لئے ہر ایک محتاج ہے۔

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi ‘Gayoor’ 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION
## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

دعا کے لئے ہر ایک محتاج ہے ۔

اس کی قبولیت کا اختیار اللہ کے پاس محفوظ ہے ۔
اس کی قبولیت کی امید بندے کے پاس محفوظ ہے ۔

حسین ہے وہ لمحہ، جس میں کوئی محوِ دعا ہو ۔

دعا ایک ذریعہ ہے —— دعا ایک حوصلہ ہے ۔
دعا ایک ہتھیار ہے —— دعا زادِ راہ ہے ۔
دعا ایک منزل ہے —— دعا حاجت کا در ہے ۔
دعا ایک راہ ہے —— دعا جینے کا ذریعہ ہے ۔
دعا ایک سہارا ہے —— دعا ایمان کی نشانی ہے ۔

بنی نوعِ انسان عاجز ہے ۔ دعا کے سوا کوئی چارہ نہیں ۔

مقدر کا قائل ہے —— امیدیں ہیں، تمنائیں ہیں، آرزوئیں ہیں ۔ توقعات ہیں ۔
تصورات ہیں ۔

دعا ایک ذریعہ ہے — ورنہ خلا ہی خلا ۔

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

**GAYOOR FOUNDATION**
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

ستھ چیم جالنی پتھ چیم کانہہ نے
کرتام بڈرم دہ تہ دود رہ دھات

ترجمہ :- شیخ طریقت حضرت نورالدین رشی الله تبارک و تعالیٰ سے فریاد کرتے ہیں ۔ میرے مولا! میرا اس کائنات میں آپ کے سوا کوئی نہیں ۔ مجھے صرف آپ کی امید اور آشا ہے ۔ میرا یہ وجود فانی ہے ، یہ ضرور خاک کر خاک ہوگا ۔ اور مری صحت اور توانائی ایک دن جواب دیں گے ۔ بس آپ کا سہارا ہے ۔ جس کو آپ دین و دنیا کی فلاح عطا کریں گے ۔ اس سے کوئی نہیں چھین سکتا ۔ اس کے لئے نہ وقت کا انتظار ہے ۔ اور نہ ساعت کا ۔ جب آپ چاہیں ۔ عطا ہوگا ۔

تشریح :- ادوار حیات میں کتنے مقام اور منزل آتے ہیں ۔ شیر خوارگی ، جوانی کا الہڑپن ، خوب رو ، توانائی اور تندرستی اور پھر بڑھاپا ۔ نہ توانائی ۔ نہ طاقت اور نہ ہی صحت ۔ مال و متاع اور اولاد ۔ عمر بھر انسان ان کے پیچھے دوڑتا ہے ۔ مگر انجام کار ۔ ان سے کسی قسم کی امید باقی نہیں رہتی ۔ رہا اپنی جان کا کروفر ۔ وقت آنے پر یہ بھی ختم ہوتا ہے ۔ اور انسان اسی حقیقت کو پاتا ہے ۔ کہ اللہ کے سوا اور کوئی امید نہیں ۔ اللہ جس کو جس وقت چاہے اپنے شان کریمی سے عطا کرتا ہے ۔ اس کے لئے نہ کوئی وقت اور نہ ہی انسانی ذہن کے تکرار کے کام آتے ہیں ۔ ~~اوصاف~~ ترغیب فکر سے تعلق رکھنے والا انسان شعوری یا غیر شعوری طور اس حقیقت سے آگاہ ہوتا ہے ۔ کہ اللہ ہی صرف ایک کو ہے ۔ ایک واحد حقیقت ہے ۔ اور اس کائنات کی تگ و دو میں واحد ایک امید ہے ۔ باقی سب فنا ہونے والا ہے ۔

**Homage**

**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION

## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

سید سادات حضرت امیر قدس اللہ سرہٗ اپنے توحید نشان وظیفے اوراد فتحیہ میں فرماتے ہیں ۔

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَیْتَ

اے اللہ تو جو عطا کرتا ہے ۔ اسے کوئی چھیننے والا نہیں ۔ جو آپ عطا نہ کرے ۔ اس کو عطا کرنے والا کوئی نہیں ۔
بے شک آپکے فیصلے اٹل ہوتے ہیں ۔

قرآن حکیم بار بار ارشاد فرماتا ہے ۔ اللہ کے سوا کوئی دینے والا نہیں — اللہ کے سوا باقی تمام فانی ہے

لاالٰہ الا اللہ سہی کورم
وحی کورم پننہ پان
وجود تراوتھ موجود سورم
پرزٕنوکھ وچھم پننہ پان

ترجمہ: ۔ میں نے (شیخ العالمؒ) اپنے مشاہدے، تدبر و تفکر اور تحقیق کی بنا پر لاالٰہ الا اللہ کی حقیقت اور معنویت کو سمجھ کر
اپنی ذات کو سراسر وحی کا متحمل بنادیا ۔ اس حقیقت کی آگہی سے میرے وجود میں (روح، شعور، اعصاب اور اعمال)
میں وحی کی کیفیت پیدا ہوئی ۔ اور لاالٰہ الا اللہ کی حقیقت کو سمجھ کر اپنے وجود کا عرفان حاصل ہوا ۔
پھر موجودات عالم کا مشاہدہ کرکے خود آگہی حاصل ہوئی ۔ اور ہر طرف میں اپنی ہی ذات کو پایا ۔
یہ خود شناسی کا اعلیٰ مقام ہے ۔

تشریح: ۔ شعور اور روح کا ایک گہرا رشتہ ہے ۔ اور روح کو شادابی، پاکیزگی اور افضال شعور سے حاصل ہوتا ہے ۔
مومن جب شعوری طور ایمان و ایقان اور تدبر و تفکر سے سرشار و شاداب ہوتا ہے ۔ تو اس کا ہر فعل اور ارادہ ۔

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

# GAYOOR FOUNDATION

## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

حق شناسی کے اندر سرزد ہوتے ہیں۔ شیخ کامل جب سراسر اپنے عمیق تفکر سے لا الٰہ الا اللہ (نفی و اثبات) کی حقیقت کو پاتے ہیں۔ تو ظاہر بات ہے کہ ان کا سارا وجود وحی الٰہی کا متحمل ہوتا ہے۔ موجودات عالم کے مشاہدے اور اس کے خالق کے ذکر و فکر میں محو ہو کر بہت خالقیت نہیں بلکہ خالق کو دیکھتے ہیں۔ جب سارے وجود کو خالق کی عظمت و [illegible] احدیت۔ ربوبیت اور الوہیت سرایت کرتی ہے۔ تو شیخ کامل ہر سمت اپنی ہی ذات کو پاتے ہیں۔


ظاہر بات ہے کہ انسان زندگی میں جس منزل اور راہ کا متلاشی ہو۔ اس کو پانے کی خاطر اس کی کاوش۔ لگن۔ فکر۔ تدبر۔ افکار و اعمال سبھی اسی منزل کی طرف محو عمل رہتے ہیں۔ جب زندگی کی آرزو لا الٰہ الا اللہ کی حقیقت پانے کی ہو۔ تو وجد اور تدبر و تفکر کا کیا حال ہو۔ اور کیا عالم ہو۔ یہ 'فاکم' اسی کیفیت کا ترجمان ہے۔ موجودات عالم پر تدبر و تفکر کی تلقین اللہ تبارک و تعالیٰ بار بار قرآن حکیم میں ارشاد فرماتے ہیں

لٹا دیا مرے ساقی نے عالم من و تو
پلا کے مجھ کو مئے لا الٰہ الا ھو!

"شیخ کاملؒ کی خود شناسی کا عالم ——— آرہ پین فرنا گرادا ردوس"

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



سیّد غلام رسول غیورؔ
## مشاہیر کی نظر میں

مرحوم غلام رسول غیورؔ کا تعلق اہلِ علم و فضل کی اُسی برادری سے تھا جس نے کشمیریوں کے روایتی بھائی چارے، میل ملاپ اور رواداری کی اُن قدروں اور اصولوں کی آبیاری کی جنھیں ہر دَور میں آنے والے شعراء اور اہلِ علم و فضل نے اپنے اپنے انداز میں بخوبی پروان چڑھایا ہے۔ مرحوم ایک اعلیٰ پایہ مفکر، دانشور، ماہرِ تعلیم، شاعر، ادیب اور سیاستداں ہونے کے ساتھ ساتھ کشمیر کی اعلیٰ روایات اور قدروں کے علمبردار تھے۔

این، این، ووہرا
گورنر، ریاستِ جموں و کشمیر

سیّد غلام رسول غیور
مشاہیر کی نظر میں

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi ‘Gayoor’ 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

**مشاہیر کی نظر میں**
**سیّد غلام رسول غیورؔ**

غیوّر صاحب نہ صرف ایک ماہرِ تعلیم، دانشور، شاعر اور نثر نگار تھے بلکہ
اعلیٰ اوصاف کے مالک بھی تھے۔ آپ نے تمام عمر دوسروں کے فلاح و بہبود
کے لیے وقف کی تھی۔ اسی لیے جگہ جگہ انھیں نیک نامی کے ساتھ یاد کیا
جاتا ہے۔ غیوّر صاحب نے علمی، ادبی اور سیاسی تصورات کا جو خاکہ کھینچا تھا،
مجھے اُمید ہے کہ ان کے باصلاحیت اور ہونہار فرزند شوکت غیور اس میں ضرور
رنگ بھر کر غیوّر صاحب کا نام پائندہ و تابندہ کریں گے۔ انشاءاللہ

مفتی محمد سعید
سابق وزیرِ اعلیٰ
ریاستِ جموں و کشمیر

O

سیّد غلام رسول اندرابی غیوّر نے اپنی مختصر زندگی میں جو ادبی کارنامے
انجام دیے، وہ ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ خداداد صلاحیتوں سے آراستہ
غیوّر کئی زبانوں پر کافی دَست رَس رکھتے تھے اور کئی زبانوں میں لکھنے کی
اہلیّت نے انھیں اس قابل بنا دیا کہ ادبی حلقوں میں ان کی اپنی شناخت پیدا
ہو چکی تھی۔ نعت، غزل، مناجات، منقبت اور دوسرے اصنافِ سخن میں ملکہ

GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



رکھنے والے غیور کے انشایئے اور خاکے اپنے میں ایک الگ دنیا سموئے ہوئے ہیں اور انھیں پڑھ کر تو واقعی ماننا پڑتا ہے کہ اسمِ بامسمّی غلام رسول غیور نے کاغذ پر گلکاریاں کی ہیں، جن کی چاشنی قارئین کو ہر دَور میں محظوظ کرتی رہے گی اور ہر دَور میں غیور صاحب کو یاد کیا جاتا رہے گا۔ وہ جنوبی کشمیر کے ایک درخشندہ ستارہ تھے۔

محبوبہ مفتی
صدر جموں و کشمیر پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی

O

سیّد غلام رسول غیورؒ صاحب کی شخصیت اور اُن کی عظمت کے بارے میں دو رائیں نہیں ہوسکتی ہیں۔ وہ بیک وقت عالم بھی تھے اُستاد بھی، مربی و مشفق بھی، ایک اچھے معلّم بھی تھے۔ اہلِ قلم بھی، حسین و خوبصورت پھول بھی، جس کی خوشبو سے سارا چمن اور باغِ گلستان کی ساری فضائیں معطر و منوّر تھیں۔ مگر اس کو کسی ناعاقبت اندیش نے ہم سے چھین لیا۔ تاسف اس بات کا ہے کہ غیور صاحب کو کیوں شہید کیا گیا، اس لیے کہ وہ مخلص، دیانتدار اور عظیم المرتبت اندرابی خاندان کے سخن ور، سخن شناس تھے اور

# GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi ‘Gayoor’ 1942 - 2005**

## مشاهیر کی نظر میں

## سیّد غلام رسول غیورؔ

آنحضورؐ کے تئیں رطب اللّسان تھے۔

مفتی محمد بشیر الدّین احمد
مفتی اعظم جموں وکشمیر
بٹھ پورہ، سرینگر

○

سیّد غلام رسول غیورؔ ایک اعلیٰ پایہ مدرّس، صاحبِ قلم، قابلِ رشک، پُرجلال اور ایک ہمہ پہلو شخصیت تھی۔ وہ عالم دین، تاریخِ محمدیؐ سے واقف ہونے کی طرح واقف تھے۔ وہ جب بھی ذکرِ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم نعت کی صورت میں اپنے بے حد دلکش لحن کے ساتھ کرتے تھے تو سامعین کو اشکبار کرتے تھے۔ جب وہ نعت پڑھتے تھے تو لگتا تھا کہ اُن کا پورا وجود مجسم عقیدت واحترام کا بن گیا ہے۔ اگر لیلیٰ سیاست نے اُن کو اُن کی معصومیت، ایثار اور خلوص کے سبب اپنی طرف نہ کھینچ لیا ہوتا، تو وہ محکمہ تعلیم میں قابلِ ذکر کام کر گئے ہوتے اور ادبی و شاعری میدان میں بھی اُن کی ایک خاص چھاپ ہوتی۔

حکیم منظور (مرحوم)
گنذربل، گاندربل

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION
## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

مشاہیر کی نظر میں

سیّد غلام رسول غیور

سیّد غلام رسول غیورؔ ایک دانش مند فرد تھے۔ اُردو، انگریزی اور فارسی زبان میں مہارت کے علاوہ عربی زبان سے بھی آشنا تھے۔ اُن کی معلومات ادب وشعر تک ہی محدود نہیں تھیں، وہ مذہبی عقائد، تاریخی حوادث وواقعات اور سیاسی معاملات ومسائل پر بھی اچھی نگاہ رکھتے تھے۔ وہ نظم ونثر کے ایک اچھے صاحبِ قلم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اچھے اور پُر جوش مقرر بھی تھے، بلند آہنگ اور جوش وجذبہ سے آراستہ اُن کی تقریر بڑی ہی پُرکشش ہوتی تھی اور سامعین پر ان کی شخصیت کا ایک خاص اثر ڈالتی تھی۔ وہ اشعار بھی بلند آواز اور ترنّم سے پڑھتے تھے۔ علامہ اقبالؒ مرحوم کی ملّی شاعری کے دلدادہ تھے۔ وہ اکثر دینی تقاریب ومجالس میں تقریر کی ابتداء میں شاعرِ ملت اقبالؒ مغفور کا یہ شعر بڑے والہانہ انداز اور چشم پُر آب ہو کر پڑھتے تھے۔

ہر کہ عشقِ مصطفیٰؐ سامانِ اوست...... بحر و بر در گوشۂ دامانِ اوست

جنون کی حد تک وہ عشقِ نبیؐ کے دلدادہ تھے۔ ان کا ادبی ذوق اور علوم وفنون میں تحقیق وجستجو کی لگن، ان خوبیوں کے علاوہ وہ سلوک ومعرفت کے لذّت آشنا بھی تھے، اس ناکارۂ خلائق سے حُسنِ ظن کی بناء پر کبھی مسائل ومعارف تصوف وارباب طریقت کے بارے میں استفسار کرتے رہتے تھے۔ خدا مغفرت کردے 'بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں'۔

مولانا سیّد محمد اشرف اندرابی

جڈورہ پلوامہ

## GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

سیّد غلام رسول غیورؒ مشاہیر کی نظر میں

سیّد غلام رسول غیورؒ کی تاریخ ساز شخصیت ہے۔ غیورؒ کسی فرد واحد کا نام نہیں، بلکہ عامتہ المسلمین کی زندہ ضمیر کا نام تھا۔ عشقِ مصطفیٰؐ میں ڈوب کر دھڑکنے والے پُرسوز دل کا نام تھا اور جب تک یہ انمول چیزیں زندہ رہیں گی غیور صاحب کا نام زندہ رہے گا۔ غیورؒ صاحب بلند پایہ سکالر ہونے کے ساتھ ساتھ سخن فہمی و سخن سنجی اور سخن گوئی میں اپنی نظیر آپ تھے۔ سیّد غلام رسول غیور علمی، ادبی، مذہبی اور سیاسی دنیا کی ایک ہشت پہلو شخصیت کا نام تھا۔ ایک خوددار مسلمان کبھی شعلہ کبھی شبنم خوش پوش اور پُر جوش قائد، عالمِ دین، عظیم مُفکر، صاحب فکر سیاستدان، آفاقی شاعر، تقریباً تمام اصنافِ سخن میں مکمل دَست رَس، اچھوتا گیت کار، اپنی ڈگر اپنی روش، اللہ اللہ ایک شخصیت اور کتنے پہلو۔ اس کے ساتھ آپ روحانی رہ گزر اور احسان و تصوف کی اہمیت وضرورت سے بھی آشنا تھے۔

(ابن الحفیظؒ) مولانا سیّد محمد شفیع اندرابی
قاضی گنڈ، اننت ناگ

سیّد غلام رسول اندرابی المتخلص بغیورؒ رحمتہ اللہ علیہ ریاست کے مشہور عالم، ماہرِ تعلیم، مُفکر دانشور، برگزیدہ سیاسی شخصیت، فاضلِ جید، خطیب ومقرر بے نظیر، فلسفی وشاعر، نعت گو، نعت خواں اور ایک سکالر ہیں۔ جنھیں روزداری

**GAYOOR FOUNDATION**

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



کی حالت میں نشانہ بنایا گیا اور انھیں ۱۷ر رمضان المبارک بروزِ جنگِ بدر کو ہی جامِ شہادت نوش کرنا پڑا۔ موصوف کون تھے؟ اور کس طرح موصوف نے حیاتِ مُستعار بتائی؟ یہ ایک طویل داستان ہے اور اس ہمہ جہت شخصیت کی یہ داستانِ لطیف اس شعر کے مصداق بنی ہوئی ہے۔

اُڑائے کچھ ورق لالہ نے کچھ نرگس نے کچھ گُل نے
چمن میں ہر طرف بکھری پڑی ہے داستاں میری

مولانا شوکت حسین کینگ
نائید کدل، سرینگر

○

جواں سال سیّد غلام رسول غیورؔ لمبا چوڑا ہاڑ، سُرخ رنگت، چوڑا ماتھا اور بہت اچھے خوبصورت بال، اپنی قد و قامت اور جسمانی ساخت کے لحاظ سے بھی بہت متاثر کُن تھے۔ مردانہ وجاہت کے پیکر تھے اور اپنے شباب میں جو اُن کی سفاکانہ شہادت سے دائمی بن گیا، اپنے وجود سے ارتعاشات پیدا کرتے تھے، اتفاق سے اُن کی آواز بھی بھاری بھاری اور باوقار تھی............

اُن کے شوق بھی بہت تھے۔ ادب، شاعری، احباب نوازی اور وہ دھوکے باز عشوہ گر۔ سیاست............

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

# GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

سید غلام رسول غیور

مشاہیر کی نظر میں

میں اپنے قارئین کے ساتھ بے تکلفی سے یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے غیور صاحب کی اُردو زبان بڑی سرسبز اور رواں دواں لگی۔ چست اور دُرست یہ اُردو کے بڑے دھارے کے اصحابِ علم وعلم کے لیے اِس بات کی نوید ہے کہ اُردو کا مکتبِ کشمیر کس طرح پختہ اور مستحکم ہوگیا ہے۔

اللہ تعالیٰ اُن کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ دے۔ مگر ایک بات کا افسوس تو رہے گا ہی، کہ اُن کی شہادت کے ساتھ ہی اُن کے ذہن اور بدن میں جوان ہونے والے بہت سے امکانات بھی گُل کر دیئے گئے۔

محمد یوسف ٹینگ
شوپیان، کشمیر

○

جی، آر، غیور ایک بیدار مغز اور زمانہ شناس شاعر ہیں۔ اُن کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ سراپا چشمِ نگراں بن کر حقیقی سطح پر خیر وشر کی معرکہ آرائیوں کی عکاسی کرتے ہیں، اور اقدار کی پامالی کے دور میں 'آشوبِ بقا' کے جز خواں بن جاتے ہیں، ساتھ ہی وہ انسان کی جبلی عاشقانہ اور جذباتی مقتضیات کی آگہی بھی رکھتے ہیں۔ غیور کسی پہلے سے سوچے گئے نظریے، عقیدے یا مقصدیت کو گلے کا ہار نہیں بناتے ہیں، وہ لفظوں سے اپنا رشتہ قائم رکھتے

## GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**



ہیں، یہ لفظوں کا برتاؤ ہی ہے کہ وہ حقیقت کی سطح پر بھی تخلیقیت سے کنارہ نہیں کرتے، اور آزاد تخیلی فضا کی تشکیل کرتے ہیں۔ غیور کی شاعری میں متعدد اشعار خودرو ہیں اور مطلوبہ تراشیدگی سے محروم ہیں، مگر جن اشعار میں شعری لوازم کی پاسداری ملتی ہے، وہ شعری تجربے کی تہہ داری کا احساس دلاتی ہے۔

پروفیسر حامدی کاشمیری
نشاط، سرینگر
سابق وائس چانسلر
یونیورسٹی آف کشمیر

○

میرے ذہن میں اُس منحوس دن کی پرچھائیاں سیاہ و تاریک بن کر ایک بار پھر ابھر آئیں، جب مادرِ وطن کے اس شریف النفس فرزند اور انسانیت نواز دانشور کو وحشی قاتلوں نے آدم خور درندوں کی طرح اس جرم کی پاداش میں ۲۲/ اکتوبر ۲۰۰۵ء یعنی ۱۷/ رمضان المبارک ۱۴۲۶ھ جنگ بدر کے روز روزہ داری کی حالت میں شہید کیا۔ کہ یہ شخص ایک خاموش طبع اور نام و نمود سے دور محض ایک دانشور اور اہلِ قلم تھا۔ اگر چہ وہ محض رسمی طور پر ایک ملک نواز تنظیم سے وابستہ بھی ہوا تھا، لیکن اس کی ایسی کوئی سرگرمی کبھی

## GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

مشاہیر کی نظر میں
سید غلام رسول غیور

زیرِ نظر نہیں آئی، جسے قوم یا ملک دشمن قرار دیا جاسکتا تھا۔ پھر بھی غیور صاحب کو اُن گناہوں کی پاداش کے لیے بخشا نہیں گیا، جو اُس نے کبھی نہیں کیے تھے۔

ناکردہ ہر گناہ کی سزا ہوتی رہتی ہے
ہر بار سر زد ایسی خطا ہوتی رہتی ہے
غیور

یہ سلسلہ آج بھی اس بدقسمت سرزمینِ کشمیر میں بہیمانہ طریقے سے جاری ہے اور ان بے رحم قاتلوں کو کشمیر کے اُن حیوان صفت افغان حاکموں سے مشابہت دی جاسکتی ہے جن کے بارے میں کہا گیا تھا کہ:

سر بریدن پیش ایں سنگیں دلاں گل چیدن است

یعنی ان سنگ دلوں کے نزدیک کسی کا سر کاٹنا ایک پھول توڑنے کے مترادف ہے۔

ذاتی طور پر میری یہ رائے ہے، کہ ان دنوں کشمیر میں جو اُردو شاعری کی جارہی ہے وہ بہت حد تک اعلیٰ معیار اور فنی نزاکتوں سے محروم ہے۔ اس کی وجہ یا تو شعرا کی ناقص فنی آگاہی ہے یا ان کی اپنی صلاحیتوں پر انگشت نمائی کی جاسکتی ہے۔ اس تناظر میں غیور کی اُردو شاعری کا سرسری

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

## GAYOOR FOUNDATION
### Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

مشاھیر کی نظر میں
سیّد غلام رسول غیورؔ

مطالعہ بھی ایک ویرانے میں بادِ صبا کی مشک باری کا تحفہ لے کر آ جاتا ہے۔ غیورؔ موجودہ حالات و کوائف اور پریشان کن صورتِ حال سے فکری اور ذہنی طور پر بے حد متاثر ہے جو ایک صحیح شاعر کی پہچان ہو سکتی ہے۔ غیورؔ نے اپنی شاعری میں آج کے خون آشام کشمیر کی خداداد فنی صلاحیتوں اور شدّت احساس کے ساتھ ترجمانی کی ہے۔

غلام نبی خیالؔ
راولپورہ، صنعت نگر، سرینگر

○

غلام رسول غیورؔ جو کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ تھے، کو علم و ادب سے نہ صرف ذاتی طور کافی دلچسپی تھی بلکہ وہ نوجوان نسل کو بھی علم و ادب کی طرف راغب کرتے تھے۔ ان کے شاگرد آج بھی اعلیٰ عہدوں پر تعینات ہیں۔ غیورؔ ایک راست گو شخصیت تھی اور حالات و واقعات کے بارے میں بے لاگ تبصرے کرتے تھے۔ ان کا انداز بالکل غیر جانبدارانہ تھا، ان کی شہادت سے کشمیر ایک اعلیٰ پایہ کے دانشور، عالم، مفکر، استاد اور ادیب سے محروم ہو گیا ہے۔

پروفیسر ریاض پنجابی
سابق وائس چانسلر
یونیورسٹی آف کشمیر

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

## GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

مشاہیر کی نظر میں

سیّد غلام رسول غیور

خاندانِ ساداتِ اندرابیہ کے ساتھ دل کو چھونے والی آیاتِ قرآنی اور احادیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلّم کے دلدادہ اور عشقِ رسولِ محترم صلی اللہ علیہ وسلّم کے اُس فریفتہ وشیفتہ جوان سال غلام رسول غیور کا تعلق بھی تھا۔ ایک بار رتنی پورہ میں مرحوم کے دولت خانے پر اُن کی بیاضوں پر ایک طائرانہ نظر ڈال کر ہی مجھے اندازہ ہوگیا تھا کہ اگر اس ذہین وفہیم سیّد زادے کو شاعری کی طرف یکسوئی کے ساتھ اپنی توجہ مبذول کرنے کا موقعہ مل گیا ہوتا، تو وہ بہتر ادب پاروں کو تخلیق کرنے کی سعادت بھی پا چکا ہوتا۔

پروفیسر مرغوب بانہالی
عمر کالونی، لالبازار، سرینگر

O

علمی اور ادبی شخصیات کی اس کہکشاں میں جناب مرحوم سیّد غلام رسول غیور ایک منفرد نام ہے جو ایک باصلاحیت استاد ہونے کے ساتھ ساتھ ایک خوش فکر شاعر بھی تھے۔ شاعری کی ہر صنف میں طبع آزمائی کر چکے ہیں۔ غلام رسول غیور نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلّم سے بے پناہ

**GAYOOR FOUNDATION**
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**



عقیدت، نسبت اور محبت کرتے ہیں۔ انداز بدل بدل کے غیور صاحب آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمتِ اقدس میں عقیدتوں کے گلدستے نچھاور کرتے ہیں۔

پروفیسر بشیر احمد نحوی
ڈائریکٹر، اقبالؒ انسٹی چیوٹ
یونیورسٹی آف کشمیر

○

غیور کی غزلیات ایک خوبصورت آئینہ دار ہے۔ غزلیں زیادہ تر چھوٹی بحر میں، پرانی قدروں کا اہتمام رکھتے ہوئے لکھی گئی ہیں۔ زبان میں انتہائی مٹھاس اور روانی ہے۔ الفاظ کا چناؤ آزمودہ اور جانا پہچانا ہے۔ شاعر نے بے ڈھنگ لفظی ترکیبوں کا استعمال جو آج کل رائج ہے، نہیں کیا۔

غیور کشمیری پروردہ ہونے کے باوجود، اُردو اِس انداز سے لکھتے ہیں کہ کشمیری نہ ہونے کا شک پیدا ہوتا ہے۔ شاید یہ اثر کلاسیکل (Classical) یا پُرانے دَور کے شعرا کو پڑھنے سے ہُوا ہو۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کسی اہلِ زبان نے اُن پر گہرا اثر چھوڑا ہو۔ جو بھی ہو، غیور کا قلم انفرادی اور قابلِ ستائش ہے۔

سیّد جعفر امیر رضوی
امریکہ

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

## GAYOOR FOUNDATION
### Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

مشاهیر کی نظر میں

سید غلام رسول غیور

ہمارے احباب میں غیورؔ صاحب نہایت سنجیدہ تھے اور یہ سنجیدگی صرف شعروادب تک محدود نہیں تھی بلکہ عصری حالات پر بھی وہ بڑی سنجیدگی سے غور کرتے تھے۔ غالباً اسی سنجیدگی نے اُنھیں سیاستدانوں کے حلقے میں بھی سرگرم ہونے کی طرف راغب کر دیا۔ مگر آج کی سیاست ہر ذی شعور سے وفا کی توقع کرتی ہے، بلکہ توقع ہی نہیں، وفا کی فرمائش اس طرح کرتی ہے، کہ جیسے یہ اس بندے کا فرضِ اوّلین ہے اور خود کسی ایسے بندے سے وفا نہیں کرتی ۔ مرحوم غیورؔ صاحب اسی وفا داری کے شکار ہوئے۔ عموماً سزا بے وفائی کی ہوتی ہے، مگر بعض حلقہ ہائے کار میں وفاداری ہی سزا کا مستوجب ٹھہراتی ہے۔

غیورؔ صاحب ایک مخلص صاحبِ قلم تھے، اُن کی تحریروں میں سادگی اور بے پروائی تھی۔ ایک خاص طرح کا لااُبالی پن تھا۔ وہ ادب میں سیاست کے نہیں بلکہ سیاست میں ادب کے قائل تھے۔ اُن کو اپنی تہی دامنی اور وسیع القلبی دونوں کا احساس تھا۔ وہ اپنی شخصیت کے اہم پہلوؤں سے بھی واقف تھے اور دوسروں کا احترام کرنا بھی جانتے تھے۔ اُن کا یہ مقطع ملاحظہ کیجیے ۔

دعائیں اُن کی کیسے ہم سمو پائیں گے دامن میں
غیورؔ اُن سے کہو ہم کو دلِ بے مدعا دے دو

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

## GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

مشاہیر کی نظر میں
سیّد غلام رسول غیور

مرحوم غیور سرگوشیوں کا شاعر ہے، وہ اشارے کرتا ہے، وضاحتیں نہیں۔ بنیادی طور پر شاعر سرگوشیاں ہی کرتا ہے۔ ان سرگوشیوں میں صداؤں کا بھی احساس ہوتا ہے اور اشاروں کا بھی۔

غیور صاحب کو موت کا احساس نہ جانے کیوں اس قدر تھا کہ اکثر و بیشتر اُن کے لاشعور سے نوکِ قلم تک برابر آتا رہا۔ لگتا ہے کہ اُنھیں معلوم تھا کہ اُنھیں زیادہ دن اس مادّی دنیا میں نہیں رہنا ہے اور جلد ہی اپنے مالک کی طرف لوٹ کے جانا ہے۔ مگر ایک سچے مسلمان کی طرح اُن کا عقیدہ تھا کہ موت سے زندگی کا سفر ختم نہیں ہوتا۔

اللہ مغفرت کرے، اُنھیں اس بات کا بھی احساس تھا کہ اُن کے بعد، اُن کے چرچے ہوتے رہیں گے، اُن کا تذکرہ ہوتا رہے گا۔

اُن سے کچھ اِس طرح کے رہے سلسلے مرے
ہوتے ہیں بعدِ مرگ بھی اب تذکرے مرے

پروفیسر محمد زماں آزردہ
حسن آباد، رعناواری، سرینگر

O

**GAYOOR FOUNDATION**

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

**سیّد غلام رسول غیورؔ مشاہیر کی نظر میں**

غیورؔ اپنی زندگی میں بحیثیت شاعر اپنے کو نمایاں نہ کر سکے، تساہل پسندی اور فرصت کی کمی تھی یا پھر شرمیلا پن اور بے اعتمادی، مجھے اِس بارے میں کچھ نہیں معلوم ۔ غیورؔ اگر باقاعدہ ادبی سرگرمیوں میں حصّہ لیتے ، مشاعروں میں آتے اور اپنی زندگی میں اپنا کلام شائع کروانے کا اہتمام کرتے ،تو یقیناً وہ برِصغیر کے معروف شعراء کی صف میں ہوتے اور اُردو قبیلے کی عزت وتوقیر بڑھاتے ۔

ڈاکٹر شبیب رضویؔ
اندرون کاٹھی دروازہ
رعناواری، سرینگر

O

سیّد غلام رسول غیورؔ کی زندگی صبر واستقامت، سنجیدگی اور خودداری کی اعلیٰ مثال تھی ۔ان کے افکار خیالات سے ان کی روشن خیالی، وسیع القلبی اور انسان دوستی کا اظہار ہوتا تھا۔ چند لمحات کی ملاقات سے کوئی بھی ان کا گرویدہ ہوتا تھا۔غیورؔ صاحب عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم تھے اور دینی اور دنیاوی علم وتواریخ پر اُن کا زبردست دَست رَس تھا۔ہم ایک قلمکار، مُفکر، عالمِ دین، دانشور، ادیب، شاعر اور ایک ماہرِ تعلیم سے محروم ہوگئے ہیں۔

سیّد محمد شفیع سمنانی
راجپورہ، پلوامہ

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION
## Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

مشاهیر کی نظر میں

سید غلام رسول غیورؔ

مرحوم غلام رسول غیورؔ، اندرابی خانوادے سے تعلق رکھتے تھے لیکن انھوں نے اپنی نسبت وسیع کرتے ہوئے سلسلہ قادریہ اور سلسلہ نقشبندیہ سے بھی بیعت کی ہے۔ اس سے بڑھ کر خوش قسمتی کیا ہوسکتی ہے۔ کہ بیک وقت وہ تین سلسلوں کے علوم سے خود بھی فیضیاب ہوتے رہے اور ہمیں بھی اُن کے نچوڑ کے رازدان اپنے تحریر کردہ زاویوں اور خاکوں کے توسط سے بنا رہے ہیں۔

غیورؔ کے بحرِ تخیل میں جب تموج اٹھتا ہے تو وہ کنارے پر بیٹھ کر محض Fathoms نہیں ناپتے، بلکہ اس میں اتر کر اس کی تھاہ اس کی گہرائی و گیرائی سے چن چن کر موتی ڈھونڈ نکالتے ہیں اور صفحۂ قرطاس پر ان کو سجاتے ہیں۔

غیورؔ صاحب نے جس موضوع پر بھی قلم اٹھایا ہے، اس سے نہ صرف انصاف کیا ہے۔ بلکہ اُس کی ایسی توجیہات اور وضاحتیں پیش کی ہیں جو مجھ جیسے طالبِ علم کے منبع علم میں اضافہ کرنے کا موجب بنی ہیں۔

غیورؔ نے اپنی تحریروں میں انتہائی سادگی بڑے وقار اور پُر اعتماد لہجے میں برتی ہے۔ اس لیے ان کی تحریروں میں تضاد بہت کم نظر آتا ہے۔ اور یہی ایک تخلیق کار کا وصف ہے کہ وہ بڑی بردباری سے اپنے خیالات و احساسات چھان پھٹک کر کے سپردِ قلم کرتا ہے، کہ پڑھنے، سننے والے کے جذبات

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

**GAYOOR FOUNDATION**
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

مشاہیر کی نظر میں
سیّد غلام رسول غیورؔ

مجروح نہ ہوں۔

غیورؔ صاحب کو بھی اس حقیقت کا وجدان ہو گیا تھا کہ ربِ تبارک تعالیٰ نے اس کو علم حاصل کرنے اور اس کو عام کرنے کے لیے اس کی تخلیق کی ہے۔ اس لیے اپنی ذمہ داری اور اللہ کی نعمت سے اس نے بھر پور استفادہ کیا۔ اور اپنی ذمہ داری اپنی تحریروں کے ذریعے پوری کی۔ میں نے مضمون کی ابتداء ہی اسی بات سے کی تھی کہ علم انبیاء کی وراثت ہے۔ اور غیورؔ بھی اسی وراثت کو لے کے آگے بڑھے۔ جس کا اجرِ عظیم اُن کو ملے گا۔ مجھے اس بات کا بھی اندازہ ہے کہ اگر زندگی نے اُسے کچھ اور مہلت دی ہوتی تو وہ اور بھی عمدہ تحریریں ہمارے لیے چھوڑ جاتے۔

غیورؔ نے جس محبت، جذبے، جا بکدستی، شدّتِ احساس، ادراک اور وجدان سے، کسی ذہنی انتشار یا جسمانی بکھراؤ کا شکار ہوئے بغیر اپنی تحریروں کو سنوارا ہے وہ قابلِ صد تحسین ہے۔ کتنے لوگ ہیں جو فن اور فنی گرفت سے واقف ہیں۔ کتنے لوگ ہیں جو تحریر کے صوت و آہنگ سے آشنا ہیں یا الفاظ کی صحیح درو بست برتتے ہیں۔ غیورؔ نے ان سب مرحلوں سے کامیاب و کامراں گذر کر کچھ نثری خزینے، ڈھونڈ نکالے ہیں جس کے لیے وہ مبارک باد کے قابل ہیں کیونکہ......

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

سیّد غلام رسول غیور

مشاهیر کی نظر میں

ایں سعادت بزور باز و نیست
تانہ بخشد خدائے بخشندہ

مظفر ایرج کشمیری
نوگام، سرینگر

O

سیّد غلام رسول غیور سیمابی طبیعت، دردمند دِل، تیز دماغ، انقلابی ذہن اور غیرت و حمیّت والی عبقری شخصیت کا نام ہے۔ آپ متانت، وجاہت، سروقد، متوازن اور دِلکش سراپا کے مالک، شعلہ بیان مقرّر اور نکتہ سنج تحیص کار تھے، شعلہ بھی اور شبنم بھی۔ سیاسی اور سماجی استحصال کے خلاف ہمیشہ نبرد آزما رہے۔ عوام کے دُکھ درد میں شریک ہو کر دینی، اخلاقی اور سماجی اصلاح کے لیے ہمیشہ کوشاں رہنا اُن کا معمول تھا۔ ۱۹۷۷ء میں اس خیال سے کہ سیاست میں رہ کر زیادہ بہتر فلاحی و اصلاحی کام کرنے کے مواقع دستیاب ہوں گے، آپ نیشنل کانفرنس میں شامل ہو کر سرکاری ملازمت کو وقت سے پہلے خیرباد کر گئے۔ سیاست کے درونِ خانہ ہنگاموں، لیلیٰ سیاست کی نقلی اٹکھیلیوں اور عشوہ طرازیوں، سیاست دانوں کے وارے نیارے

GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

Homage

Syed Ghulam Rasool Andrabi ‘Gayoor’ 1942 - 2005

سیّد غلام رسول غیور مشاہیر کی نظر میں

معاملوں کی حقیقت کا کئی سالوں تک گہرا مشاہدہ کرکے اور تلخ تجربات کے بعد سیاست کا طوق گردن سے باہر نکال دیا۔ ۱۹۷۹ء میں ”عوامی رابطہ“ کے نام سے ایک ہفتہ وار جریدہ اجراء کیا، جس نے اشاعت کے سات سال پورے کیے اور بند ہو گیا۔ اس جریدے کے پُر مغز اور پُر اثر اداریے غیور مرحوم و مغفور کے اندازِ تحریر، صحافتی تجربے اور علمی لیاقت کا پتہ دیتے ہیں۔ کچھ خصوصی شمارے دستاویزی حیثیت رکھتے ہیں۔ سیّد غلام رسول غیور بسیار نویس بھی تھے اور زود نویس بھی۔

ایک وقت ایسا آیا جب سیّد غلام رسول غیور قابلِ توجہ شاعر، صحافی، مصلح اور نثر نگار کی حیثیت پا گئے۔ آپ کسی بھی علمی، مذہبی اور سیاسی موضوع پر پُر اعتماد کے ساتھ اظہارِ خیال کرتے تھے۔

غیور مرحوم و مغفور بچپن سے نعت لکھتے رہے ہیں لیکن بعد میں دن رات نعت گوئی اور نعت خوانی میں مشغول رہنے لگے۔ اُن کے فرزندِ ارجمند سیّد شوکت غیور نے لکھا ہے کہ:

”(۱۹۸۹ء کے بعد) یہاں کی روایتی سیاست نے پَر سمیٹ لیے۔ مولوی گھرانے کے چشم و چراغ سیّد غلام رسول غیور نے گوشہ نشینی اختیار کی، اور عشقِ نبی صلی اللہ علیہ وسلّم میں ٹپ ٹپ آنسو بہانے میں سکون حاصل کرتے رہے۔ تقریروں کی زبان گنگ ہو چکی تھی اور صحافت دفن۔ سیاست

کی لاش بے گوروکفن غائب ہوچکی تھی۔اب صرف غیور تھا،نعت گوئی تھی اور نعت خوانی تھی۔صرف ایک شمع تھی جو بُجھ رہی تھی"

غلام نبی آتش
کولگام

O

غیور کا ذکر ہوتا ہے تو زبان پر بے ساختہ آتا ہے

'زمین کھا گئی آسمان کیسے کیسے'

اس کی ذات کئی اوصاف کا مرکب تھی۔وہ سچے معنوں میں پڑھے لکھے،نکتہ رس زود فہم، جوشیلے مقرر، دور اندیش دانشور اور قابلِ رشک انسان تھے۔غیور صاحب چونکہ غیور اور راست باز تھے۔اس لیے بہت سارے احباب کی اُن سے نہیں بنتی تھی، وہ بے خوف ہوکر بات کرتے تھے اور جب بھی بات کرتے تھے،کسی لگی لپٹی کے بغیر،کسی ذاتی مصلحت سے بالاتر ہوکر ایمانداری کے ساتھ کرتے تھے۔ان کی وجیہہ شکل وصورت کے مدِنظر لگتا تھا کہ پُر جلال شخصیت ہیں،البتہ اُن کا دل کافی نرم تھا،وہ اکیلے وہ سب چیزیں سوچا کرتے تھے جواب انجمنیں انجام دے رہی ہیں وہ سچے معنوں میں دوست تھے۔

عبدالاحد فرہاد
عمر ہیر،بڑھ پورہ،سرینگر

**Homage**
**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

سیّد غلام رسول غیور مشاہیر کی نظر میں

سیّد غلام رسول غیورؔ عشق رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی دولت سے مالا مال تھے۔ مرحوم اعلیٰ تعلیم، قابلِ رشک وجاہت، پُر وقار آواز، پُر جلال اُٹھان اور ایمان وایقان کی صفتوں سے بھی مالا مال تھے۔ یہ قتیلِ گلگوں قباء ایک بے باک کی طرح بولتے وقت شیرِ زیاں نظر آتے تھے۔ دوسری طرف ایسا بھی لگتا تھا کہ اگر یہ اسدِ روح وجاں شکن گرجے گا تو فضائے غاب بھی تھرتھرانے لگے گی۔

ڈاکٹر سیّد محمد فضل اللہ
(آئی، اے، ایس)
ہاروَن، سرینگر

O

غیورؔ صاحب نے زندگی کو ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا تحفہ سمجھا تھا تا کہ انسانیت کی خدمت کی جاسکے۔ غیورؔ صاحب نے انسانیت کی خدمت میں اپنا خون نچھاور کر کے دوستوں کی محفل میں ایک مثال قائم کی۔ ان کی شخصیت، اُن کے چہرے سے چھلکتا جلال، ان کی آنکھوں میں پنہاں خودی اور غیورؔ کا آتش فشاں ہمیشہ متاثر کُن رہا ہے۔ ان کے فلسفے میں 'میں' نے ہمیشہ

**GAYOOR FOUNDATION**

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

**Homage**

**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

**مشاہیر کی نظر میں**

**سید غلام رسول غیور**

کشمیراور کشمیر کی بلندی اور پرواز کے سنہرے خواب دیکھے۔ وہ اعلیٰ پایہ کے عالم، مُفکر، دانشور، ماہرِ تعلیم، کہنہ مشق شاعر، صحافی، سیاست دان ہونے کے ساتھ ساتھ نعت گو اور عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم تھے۔ اُن میں کمال کی تحریر اور تقریر تھی۔

خواجہ فاروق احمد رینزو

سرینگر

○

غیوؔر صاحب کے بارے میں کیا کہیں، اُن کی ہمہ پہلو شخصیت، ان کی بے پناہ صلاحیتیں ان کو اپنے آباء واجداد کے عرفانی خزینے سے ورثے میں ملی تھی۔ جن کے طفیل غیوؔر صاحب نے عظمت عقیدت بھی پائی تھی۔ غیوؔر صاحب کی شخصیت ایک ایسی ہمہ جہت ملی سرمایہ تھی، جن کو انھوں نے ایک ایک تنکہ جوڑنے میں بے پناہ عرق ریزی کی تھی۔ غیوؔر صاحب کی مختصر زندگی میں کئی طوفان بھی اُمڈ آئے جنھوں نے آپکی زندگی کا دھارا ہی بدل دیا تھا۔ آپ نے اپنی بے سروسامانی کے باوجود اپنے لیے عزائم کے آسمان سجائے۔ غیوؔر صاحب کو مرحوم لکھتے ہوئے جگر پارہ ہوتا ہے، آپ کی علمی، ادبی اور سماجی خدمات اور مفکرانہ صلاحیتیں سند کا درجہ رکھتی ہیں۔

ظریفؔ احمد ظریف

مخدوم صاحب، سرینگر

**GAYOOR FOUNDATION**
**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

## سیّد غلام رسول غیورؔ
## مشاہیر کی نظر میں

سیّد غلام رسول غیورؔ ایک ہمہ پہلو شخصیت کے مالک تھے۔ ایک باصلاحیت اُستاد، ایک باضمیر صحافی، ایک حسّاس شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک ذمہ دار سیاست دان اُن کی شخصیت کے عناصرِ اربعہ تھے۔ ان عناصر کو اللہ نے غیورؔ صاحب کے خمیر میں متوازن طریقے سے آمیز کیا تھا۔ اُن کی شاعری میں ان کے ذاتی تجربات کے ساتھ ساتھ روحِ عصر بھی بولتی نظر آتی ہے۔ لیکن اُن کی سب سے بڑی شناخت ان کے حضورِ آں سرور صلی اللہ علیہ وسلّم کی مدّاحی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلّم سے اس انداز میں معطّر کیا تھا کہ اس کی خوشبوئیں چہار سمت کو مہکاتی ہیں۔ اللہ انھیں جوارِ رحمت میں جگہ دے...... (آمین)

ڈاکٹر نذیر آزاد
کوئل پلوامہ

○

سیّد غلام رسول غیورؔ کے بارے میں بلا تردد کہا جا سکتا ہے کہ ان کی ناگہانی وفات سے ہمارا معاشرہ ایک بالغ نظر مفکر، بلند حوصلہ دانشور اور ایک کہنہ مشق قلمکار سے محروم ہوا ہے۔ ان کی شخصیت کا ایک لطیف پہلو یہ تھا کہ وہ سچے دل کے عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم تھے۔ غیورؔ ایک علمی اور مذہبی خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ خاندانی روشن روایات کے عرفان و ادراک

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi ‘Gayoor’ 1942 - 2005

# GAYOOR FOUNDATION

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

مشاهیر کی نظر میں

سیّد غلام رسول غیور

نے غیور کی شخصیت میں گوناگوں خوبیاں اور صفات پیدا کی تھیں۔

غیور تحریر اور تقریر دونوں کے دھنی تھے۔ اپنی تحریر یا تقریر کو اثر پذیر بنانے کے لیے موقع و محل کی مناسبت سے قرآن مجید کی آیات، احادیث، صوفیا اور مشاہیر کے اقوال اور اشعار کا استعمال اس روانی سے کرتے تھے گویا ایک دریا علم کا اپنی رفتار سے بہتا تھا۔ مرحوم کی شخصیت ہمہ پہلو اور ہمہ جہت تھی۔ وہ بیک وقت ایک دانشور، مفکر، معلّم، قلمکار، سماجی کارکن اور کیا کیا نہ تھے۔ ان کی شخصیت کے ابعاد کا احاطہ کرنے کے لیے وقت درکار ہے، ایسی پُر اثر شخصیات سے انسانی معاشرے کا وقار بڑھتا ہے اور قوم کی سوچ کو ایک مثبت سمت ملتی ہے۔ خدا مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا۔

ڈاکٹر شفیق سوپوری

سوپور، بارہمولہ

○

میں سیّد غلام رسول غیور کے بہت قریب رہا ہوں۔ وہ ایک عظیم عالم و فاضل اور عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم تھے۔ وہ ایسی چیزوں سے مالا مال تھے جو اُن کے اپنے بھی نہیں جانتے۔ ایک ہمہ جہت شخصیت، ماہرِ تعلیم، عالمِ دین، مومن اور روحانی شخصیت تھی۔

سیّد اعجاز احمد اندرابی

بڈھ پورہ، سرینگر

**Homage**

**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

# GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**

سیّد غلام رسول غیور

مشاہیر کی نظر میں

سیّد غلام رسول غیوؔر نہایت ہی شریف النّفس، قابل اور باصلاحیت انسان تھے، جو کبھی سچ کو سچ کہنے میں خوف محسوس نہیں کرتے تھے۔ غیوؔر صاحب کی ادبی کاوشوں کو منظرِ عام پر لانے کی ضرورت ہے اور یہی مرحوم کو شاندار خراجِ عقیدت ہوگا۔

ڈاکٹر سیّد شجاعت بخاری

کریری، بارہمولہ

○

غلام رسول غیوؔر ایک قابل، ماہرِ تعلیم، عالمِ دین، دانشور، مفکّر اور ادیب تھے، جنھوں نے اپنی ادبی زندگی کی شروعات ایک مدّرس کی حیثیت سے کی۔ میں نے مرحوم کو ایک غریب پروَر، ملنسار اور سنجیدہ فکر انسان پایا ہے جو اپنے وطنِ عزیز کے لوگوں کے لیے عموماً اور نئی پود کے لیے خصوصاً کچھ کرنا چاہتے تھے۔ اُمید کرتا ہوں کہ مرحوم کے ادبی کارنامے اور کاوشیں بھی نئی نسل کے لیے مشعلِ راہ ثابت ہوں گی۔

ظفر اقبال منہاس

سیکریٹری،

جموں و کشمیر اکاڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز

**GAYOOR FOUNDATION**

Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

**Homage**

**Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005**

**مشاہیر کی نظر میں**

**سید غلام رسول غیور**

شریف النفس اور شاعرانہ اساسیت مرحوم کی شخصیت کا خاصہ تھا۔ لمبے چوڑے اور مضبوط جسم کے مالک غیور صاحب کے سینے میں دردمند دل دھڑکتا تھا۔ وہ معصومیت اور نازک مزاجی کا ایک حسین امتزاج تھے، نازک مزاجی کا یہ عالم تھا کہ ذرا سی بات پر اُن کی خوبصورت آنکھیں نم ہو جایا کرتی تھیں۔ اُن کی نازک مزاجی اور معصومیت کی سیاست دانوں کے ہاں کوئی قدر نہ ہوئی، بھلا ہوتی بھی کیسے، کیونکہ اُن میں سے اکثر لوگ ان نعمتوں سے محروم ہوتے ہیں۔ غیور صاحب کی شاعری جو میں نے کچھ کچھ پڑھی اور اُن کی زبانی بھی سُنی ہے، مجھے رسول میر کی رومانیت کی یاد دلاتی رہتی ہے، ہاں کہیں کہیں اُن کے ہاں ایسے بھی اشعار ہیں جہاں درد اور محرومیت کا احساس زیادہ جھلکتا ہے۔

ایڈوکیٹ منظور احمد گنائی
ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل
جموں وکشمیر ہائی کورٹ، سرینگر

O

Homage
Syed Ghulam Rasool Andrabi 'Gayoor' 1942 - 2005

## GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu

سیّد غلام رسول غیورؔ
مشاہیر کی نظر میں

غیورؔ صاحب کو میں بحیثیتِ ایک معلّم، سیاستدان، اچھے انسان، شاعر، ادیب اور ایک اعلیٰ پائے کے دانشور اور مفکر کے روپ میں جانتا ہوں، ان کا کلام کئی اصنافِ سخن پر مشتمل ہے۔جن میں غزلیات، منقبت، نعت، نظمیں اور نثری ادب پارے شامل ہیں۔غیورؔ صاحب ایک باصلاحیت ماہرِ تعلیم، اولیاءِ کرام کے علمبردار اور فلسفۂ تصوف کے دلدادہ تھے، علامہ اقبالؒ اور امامِ غزالیؒ سے بہت ہی متاثر ہوئے تھے۔کیسی پُر جلال اور ہمہ پہلو شخصیت سے یہ قوم آج محروم ہے۔اللہ مغفرت کرے۔

ایڈوکیٹ سیّد ریاض خاورؔ
گلشن آباد، راجپورہ، پلوامہ

○

غیورؔ کے رشحاتِ قلم میں تاثیر کی کرشمہ سازی ہے۔ وہ عالمِ تخیل کی لق ودق وادی میں وارد ہوکر حیران وسرگرداں نظر آتے ہیں۔غیورؔ کے بیان میں سحر آفرینی ہے، لذّت ہے، یگانگت ہے، عشق ومحبت ہے اور دلفریبی ہے۔غیورؔ ایک انسان کو شبِ ظلمت سے نکال کر آفتابِ ضحیٰ کی ضیا پاشیوں سے بہرہ ور کرنے کا آرزو مند نظر آتا ہے۔غیورؔ حوادثِ زمانہ کی تلخیوں کی لذّت خود محسوس کرتا ہے اور اپنے معاصرین کو بھی زہرِ ہلاہل کے گھونٹ پی کر فروتنی اور خندہ پیشانی کا مظاہرہ کرنے کے گُر سکھاتا ہے۔غیورؔ زبان حال

GAYOOR FOUNDATION
Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu



سے کہتا ہے۔

مسائل میں الجھ کر مسکرانا میری فطرت ہے
مجھے مایوس ہوکر سرنگوں ہونا نہیں آتا

ڈاکٹر سیّد مجید اندرابی (ترال)
ناظمِ اعلیٰ، شعبہ عربی
اسلامک یونیورسٹی
اونتی، پورہ پلوامہ

○

غیور ایک اعلیٰ دانشور، مفکر، مدبر، ماہرِ تعلیم، مذہبی سکالر، سیاستداں اور انسان دوست شخصیت تھی۔ ان کی بحیثیت ایک انسان اس کے خیالات کافی بلند تھے۔ ایک منجھے ہوئے ادیب و شاعر کی حیثیت سے اس کو کسی بھی محاذ پر بھلایا نہیں جاسکتا ہے۔ میں اپنے ذاتی مراسم کے اعتبار سے یہی کہوں گا کہ ہمارے سماج نے ایک ایسی ہمہ جہت شخصیت کو کھو یا ہے، جس کی تلافی عمر بھر ناممکن ہے۔ ہمارے ذاتی مراسم قبلہ حکیم منظور صاحب کی وساطت سے کافی گہرے اور دلچسپ تھے۔

بشیر چراغ
بارہمولہ

(For Private Circulation Only)

# FEATURE

## Praagaash October 2020 Supplement

میرے قتل سے پہلے، یہ فیصلہ تو دو
منسوب کس کے نام ہو، اس ذات کا لہو
(غیوؔر)



# GAYOOR FOUNDATION

**Maraz - Kamraz - Yamraz - Jammu**